

رابعہ کوئز سیریز

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کوئز



اسکول کالج اور یونیورسٹی کے علاوہ ٹیلیویژن ریڈیو کے کوئز پروگراموں
نیز مقابلے کے امتحانات کی تیاری کیلئے جامع معلوماتی کتاب

اہم کوئز سیریز

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کوئز

سحر ملک

رابعہ بک ہاؤس

الکریم مارکیٹ اردو بازار، لاہور، پاکستان

فہرست

حالاتِ زندگی

علامہ اقبالؒ 9 نومبر 1877ء سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد صاحب کا نام شیخ نور محمد تھا جو کشمیری برہمنوں کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ شیخ نور محمد بڑے سچے، دین دار انسان تھے۔ علامہؒ نے ابتدائی تعلیم سیالکوٹ میں ہی حاصل کی اور مشن ہائی اسکول سے میٹرک اور مرے کالج سیالکوٹ سے ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ زمانہ طالب علمی میں انہیں میر حسن جیسے اُستاد ملے، جنہوں نے آپ کی صلاحیتوں کو بھانپ لیا اور ان کے اوصاف وخیالات کے مطابق آپ کی صحیح رہنمائی کی۔ شعروشاعری کا شوق بھی آپ کو یہیں سے پیدا ہوا اور اس شوق کو فروغ دینے میں مولوی میر حسن کا بڑا دخل تھا۔ ایف اے کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے لاہور چلے گئے اور گورنمنٹ کالج سے بی اے اور ایم اے کے امتحانات پاس کیے۔

یہاں آپ کو پروفیسر آرنلڈ جیسے فاضل شفیق اُستاد مل گئے جنہوں نے اپنے شاگرد کی رہنمائی اور تربیت میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی۔ 1905ء میں علامہ اقبالؒ اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان چلے گئے اور کیمبرج میں داخلہ لے لیا اور پروفیسر براؤن جیسے فاضل اساتذہ سے رہنمائی حاصل کی۔ بعد میں آپ جرمنی چلے گئے جہاں میونخ یونیورسٹی سے آپ نے فلسفہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ ابتدا میں آپ نے ایم اے کرنے اورینٹل کالج لاہور میں تدریس کے فرائض سرانجام دیے۔ لیکن آپ نے بیرسٹری کو مستقل طور پر اپنایا۔ وکالت کے ساتھ ساتھ آپ شعروشاعری بھی کرتے رہے اور سیاسی تحریکوں میں بھرپور انداز میں حصہ لیا۔ 1922ء میں حکومت کی طرف سے ''سر'' کا خطاب ملا۔ آپ کا الٰہ آباد کا مشہور صدارتی خطبہ تاریخی حیثیت رکھتا ہے۔ اس خطبہ میں آپ نے پاکستان کا تصور پیش کیا۔ 1931ء میں آپ نے گول میز کانفرنس میں شرکت کر کے مسلمانوں کی نمائندگی کی۔ آپ کی تعلیمات اور قائداعظمؒ کی ان تھک کوششوں سے ملک آزاد ہو گیا اور پاکستان معرض وجود میں آیا۔ لیکن پاکستان کی آزادی سے پہلے ہی 21 اپریل 1938ء میں علامہؒ انتقال کر گئے۔ لیکن ایک عظیم شاعر اور مفکر کے طور پر قوم ہمیشہ ان کی احسان مند رہے گی۔ جس نے پاکستان کا تصور پیش کر کے برصغیر کے مسلمانوں میں جینے کی ایک نئی آس اور امنگ پیدا کی۔

علامہ اقبالؒ اور آپ کا خاندان

س1 علامہ اقبالؒ کے پردادا کا نام بتائیں؟

1. میگھ جی
2. شیخ محمد رفیق
3. شیخ جمال الدین
4. شیخ محمد عبداللہ

س2 علامہ اقبالؒ کے دادا کا نام بتائیں؟

1. شیخ عبدالرحمٰن
2. شیخ محمد رمضان
3. شیخ محمد رفیق
4. شیخ محمد عبداللہ

س3 علامہ اقبالؒ کے دادا محترم کے کتنے بھائی تھے؟

1. تین
2. چار
3. دس
4. بارہ

س4 علامہ اقبالؒ کے دادا نے پہلی شادی کہاں کی تھی؟

1. کشمیر میں
2. سیالکوٹ میں
3. کوئٹہ میں
4. لاہور میں

س5 علامہ اقبالؒ کے دادا کی پہلی بیوی سے کتنی اولادیں تھیں؟

1. پانچ
2. چھ
3. دو
4. کوئی اولاد نہ تھی

س 6 علامہ اقبالؒ کے کس بزرگ نے جلال پور جٹاں کے کشمیری خاندان سے دوسری شادی کی تھی؟

(1) پردادا (2) دادا
(3) نانا (4) والد محترم

س 7 علامہ اقبالؒ کے دادا کی دوسری بیوی سے کتنے بیٹے پیدا ہوئے تھے؟

(1) دو (2) آٹھ
(3) نو (4) گیارہ

س 8 اقبالؒ کے والد کے علاوہ شیخ محمد رفیق کے کتنے بیٹے زندہ رہے؟

(1) پانچ (2) ایک
(3) تین (4) نو

س 9 اقبالؒ کے والد کی شادی کس کشمیری خاندان میں ہوئی تھی؟

(1) جلال پور جٹاں (2) شیخ خاندان
(3) سمڑیال (4) سید خاندان

س 10 علامہ اقبالؒ کے آباؤ اجداد کب مشرف بہ اسلام ہوئے تھے؟

(1) پندرھویں صدی عیسوی (2) سترھویں صدی عیسوی
(3) بیسویں صدی عیسوی (4) اکیسویں صدی عیسوی

س 11 مشرف بہ اسلام ہونے کے بعد علامہ اقبالؒ کے آباؤ اجداد کہاں آکر سکونت پذیر کی؟

(1) کشمیر (2) سیالکوٹ
(3) کوئٹہ (4) لاہور

س 12 علامہ اقبالؒ کے والد کس نام سے مشہور تھے؟

(1) میاں جی (2) ٹھکر (چوہدری)
(3) شیخ نور (4) ان پڑھ فلسفی

س 13 محترم امام بی بی کون تھیں؟

(1) بہن (2) چاچی
(3) والدہ (4) تائی

س 14 اقبالؒ کے والد نے شادی کے بعد ڈپٹی وزیر علی بلگرامی کے ہاں کون سی ملازمت اختیار کی تھی؟

(1) کپڑے سینے کی (2) بچوں کو پڑھانے کی
(3) کھانا پکانا کی (4) سودا سلف لانے کی

علامہ اقبالؒ کی پیدائش

س1 علامہ اقبالؒ کب پیدا ہوئے؟

(1) 22 فروری 1873ء　(2) 29 دسمبر 1873ء

(3) 9 نومبر 1877ء　(4) 11 نومبر 1977ء

س2 جس دن اقبالؒ پیدا ہوئے اس دن ہفتے کا کون سا دن تھا؟

(1) جمعہ　(2) ہفتہ

(3) پیر　(4) بدھ

س3 علامہ اقبالؒ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے مقام پیدائش بتائیے؟

(1) محلہ کھٹیکاں　(2) میکلوڈ روڈ

(3) محلہ اسلام　(4) بازار چوڑی گراں

س4 علامہ اقبالؒ نے پی، ایچ، ڈی کے تحقیقی مقالے ''ایران میں فلسفہ السیات کا ارتقا'' کے دیباچے میں اپنی تاریخ پیدائش کیا لکھی ہے؟

(1) 6 شوال 1185ھ　(2) 15 رمضان 1179ھ

(3) 9 محرم 1280ھ　(4) 3 ذی القعد 1294ھ

س5 انسائیکلوپیڈیا بری ٹانیکا میں علامہ اقبالؒ کا سن پیدائش کیا لکھا ہے؟

(1) 1873ء　(2) 1876ء

(3) 1877ء　(4) 1878ء

س6 21 نومبر 1968ء کو یوم اقبالؒ کے موقع پر حکومت پاکستان نے جو ٹکٹ جاری کی اس پر سن ولادت کیا درج کیا گیا تھا؟

(1) 1872ء　(2) 1875ء

(3) 1877ء　(4) 1878ء

س7: کب حکومت نے پریس نوٹ جاری کر کے تاریخ ولادت 9 نومبر 1877ء کو صحیح قرار دیا؟

① 11 اپریل 1968ء ② 17 اپریل 1968ء

③ 20 اپریل 1968ء ④ 27 اپریل 1968ء

س8: علامہ اقبالؒ کے بڑے صاحبزادے آفتاب اقبال ایم اے بار ایٹ لاء کہتے ہیں کہ ''میں 1898ء میں پیدا ہوا تو اس وقت والد صاحب کی عمر 21 سال تھی''، اس حساب سے کون سا سن نکلتا ہے؟

① 1873ء ② 1875ء

③ 1877ء ④ 1879ء

س9: حکومت پاکستان نے علامہ اقبالؒ کے صد سالہ جشن ولادت کے سلسلے میں ایک کمیٹی قائم کی بتایئے اس کمیٹی نے تحقیق کے بعد کس تاریخ پیدائش کو بالکل درست قرار دیا تھا؟

① 22 فروری 1872ء ② 29 نومبر 1873ء

③ 23 فروری 1873ء ④ 9 نومبر 1877ء

س10: علامہ اقبالؒ کا نام محمد اقبال کس نے رکھا؟

① والدہ نے ② والد نے

③ دادا نے ④ بڑے بھائی نے

س11: میونسپل کمیٹی سیالکوٹ کے دفتر کے رجسٹر پیدائش میں علامہ اقبالؒ کی کون سی تاریخ پیدائش درج ہے؟

① 22 فروری 1873ء ② 29 دسمبر 1873ء

③ 29 نومبر 1977ء ④ 9 نومبر 1878ء

س12: غلط فہمی کی بنا پر اقبالؒ کی کون سی تاریخ پیدائش مشہور ہو گئی تھی؟

① 11 ستمبر 1868ء ② 22 فروری 1873ء

③ 9 نومبر 1877ء ④ 22 فروری 1878ء

س 15 1931ء میں انٹرنیشنل پاسپورٹ کی درخواست پر علامہ اقبالؒ نے کون سا سن پیدائش درج کیا تھا؟

(1) 1873ء (2) 1875ء

(3) 1876ء (4) 1877ء

س 14 علامہ اقبالؒ کی تاریخ ولادت میں اختلاف ہے بتائیے مصنف فقیر سید وحید الدین نے اپنی کتاب ''روزگارِ فقیر'' میں علامہ اقبالؒ کی پیدائش کیا درج کی ہے؟

(1) 22 فروری 1873ء (2) 11 دسمبر 1873ء

(3) 29 نومبر 1873ء (4) 9 نومبر 1977ء

س 15 مصنف محمد طاہر فاروقی نے اپنی کتاب ''اطرافِ اقبالؒ'' میں علامہ اقبالؒ کی کیا سن پیدائش درج کی ہے؟

(1) 4 فروری 1968ء (2) 19 اپریل 1970ء

(3) 22 فروری 1873ء (4) 29 دسمبر 1873ء

س 16 مصنف عبدالمجید سالک نے اپنی کتاب ''ذکرِ اقبالؒ'' میں علامہ اقبالؒ کی کیا تاریخ پیدائش درج کی ہے؟

(1) 9 اپریل 1870ء (2) 22 فروری 1873ء

(3) 29 دسمبر 1873ء (4) 9 نومبر 1877ء

س 17 منشی محمد الدین مصنف نے اپنی کتاب ''مشاہیر کشمیر'' میں جو سن درج کیا ہے وہ کیا ہے؟

(1) 1872ء (2) 1873ء

(3) 1875ء (4) 1876ء

س 18 مصنف ڈاکٹر عبدالسلام خورشید نے اپنی کتاب ''اقبالؒ'' میں جو سن پیدائش درج کی وہ کیا ہیں؟

(1) 1870ء (2) 1872ء

(3) 1873ء (4) 1876ء

س19 ممتاز مصنف خالد نظیر صوفی نے اپنی کتاب ''اقبالؒ درونِ خانہ'' میں کیا سن درج کیا ہے؟

(1) 1872ء (2) 1874ء

(3) 1876ء (4) 1877ء

س20 ملک حسن اختر نے اپنی کتاب ''اطراف اقبالؒ'' میں علامہ اقبالؒ کیا سن پیدائش درج کی ہے؟

(1) 4 فروری 1968ء (2) 9 اپریل 1970ء

(3) 22 فروری 1873ء (4) 29 دسمبر 1873ء

"علامہ اقبالؒ" کی تعلیم وتربیت

س 1 علامہ اقبالؒ نے کتنی تعلیم حاصل کی؟

① ایم اے ② ایم فل

③ پی ایچ ڈی ④ ایم اے، پی ایچ ڈی، بار ایٹ لاء

س 2 اقبالؒ نے ایف اے کی تعلیم کہاں سے پاس کیا؟

① کشمیر ② سیالکوٹ

③ لاہور ④ کوئٹہ

س 3 علامہ اقبالؒ کے کون سے اُستاد کہا کرتے تھے "اقبالؒ میرا روحانی بیٹا ہے"؟

① مولانا غلام حسین ② مولانا سید میر حسن

③ مولانا رومی ④ داغ

س 4 علامہ اقبالؒ کے کون سے اُستاد شاہ صاحب کے نام سے مشہور ہیں؟

① آرنلڈ ② مولانا غلام حسین

③ مولانا سید میر حسن ④ مولانا روم

س 5 علامہ اقبالؒ نے مڈل کا امتحان کب پاس کیا تھا؟

① 1882ء ② 1891ء

③ 1898ء ④ 1899ء

س6 1893ء میں علامہ اقبالؒ نے میٹرک کا امتحان وظیفے کے ساتھ پاس کیا تو ماہوار سرکاری کتنا وظیفہ پایا؟

1. 5روپے
2. 7روپے
3. 10روپے
4. 12روپے

س7 علامہ اقبالؒ نے میٹرک کا امتحان کس سنٹر سے دیا تھا؟

1. گجرات سنٹر
2. سیالکوٹ سنٹر
3. لاہور سنٹر
4. پشاور سنٹر

س8 علامہ اقبالؒ کو میٹرک میں پاس ہونے کی خبر ان کی پہلی شادی کے کس وقت ملی؟

1. شادی سے دو دن پہلے
2. روانگی بارات سے پہلے
3. نکاح کے وقت
4. شادی کے ایک ماہ بعد

س9 علامہ اقبالؒ نے ایف اے کا امتحان مرے کالج سیالکوٹ سے پاس کیا بتایئے انہوں نے کتنے نمبر حاصل کیے تھے؟

1. 150 نمبر
2. 200 نمبر
3. 276 نمبر
4. 351ء نمبر

س10 اعلیٰ تعلیم کے لئے علامہ اقبالؒ لاہور تشریف لائے تو کس معروف تعلیمی ادارے میں داخل ہوئے؟

1. اسلامیہ کالج لاہور
2. اورینٹل کالج لاہور
3. ایم-اے-او کالج لاہور
4. گورنمنٹ کالج لاہور

س11 علامہ اقبالؒ نے بی اے کا امتحان کس ڈویژن میں پاس کیا؟

1. فرسٹ ڈویژن
2. سیکنڈ ڈویژن
3. تھرڈ ڈویژن
4. ناکام ہوگئے تھے۔

س12 علامہ اقبالؒ کے شفیق و مہربان اُستاد پروفیسر آرنلڈ علی گڑھ سے آ کر گورنمنٹ کالج میں فلسفہ کے پروفیسر کب مقرر ہوئے تھے؟

1. 9جنوری1877ء
2. 3اپریل1880ء
3. 3جون1895ء
4. 11فروری1898ء

س13 جب علامہ اقبالؒ ایم اے میں پڑھتے تھے تو انہوں نے لاہور لاء سکول میں بھی داخلہ لیا تھا اور ابتدائی امتحان منعقدہ دسمبر 1898ء میں شریک ہوئے۔ امتحان کے چار پرچے تھے۔ علامہ اقبالؒ کس پرچے میں ناکام رہے تھے؟

(1) فلسفہ (2) انگریزی

(3) فقہ (4) ریاضی

س14 13 مئی 1899ء کو علامہ اقبالؒ اورینٹل کالج میں میکلوڈ عربک ریڈر مقرر ہوئے۔ اس منصب پر اُن کی تنخواہ کیا مقرر ہوئی تھی؟

(1) 10 روپے ماہوار (2) 72 روپے 14 آنے ماہوار

(3) 100 روپے 11 پیسے ماہوار (4) 100 روپے 4 آنے ماہوار

س15 کب علامہ اقبالؒ کو گورنمنٹ کالج میں عارضی طور پر اسسٹنٹ پروفیسر (فلسفہ) مقرر کیا گیا؟

(1) 4 جنوری 1901ء (2) 16 اکتوبر 1902ء

(3) 25 اکتوبر 1903ء (4) 9 اپریل 1905ء

س16 گورنمنٹ کالج میں علامہ اقبالؒ کا مستقل تقرر بطور اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی ہوا۔ آپ نے کب اس عہدے کا چارج لیا؟

(1) 10 جنوری 1901ء (2) 16 اکتوبر 1902ء

(3) 25 اکتوبر 1903ء (4) 9 اپریل 1905ء

س17 کیا ستمبر 1905ء میں علامہ اقبالؒ نے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے انگلستان جانے کا ارادہ کیا تو گورنمنٹ کالج سے استعفیٰ دے دیا تھا؟

(1) جی ہاں (2) جی نہیں

(3) استعفیٰ منظور نہیں ہوا (4) تعلیمی رخصت لی تھی

س18 کیا علامہ اقبالؒ دہلی سے لندن گئے تھے؟

(1) جی ہاں (2) جی نہیں

(3) دہلی سے بمبئی آئے (4) دہلی سے سیالکوٹ گئے

س19 علامہ اقبالؒ نے "لنکنز ان" میں نومبر 1905ء میں بار ایٹ لاء کرنے کے لئے داخلہ لیا۔ کب یہ امتحان پاس کیا؟

(1) اپریل 1902ء (2) مارچ 1905ء

(3) جولائی 1908ء (4) اگست 1913ء

س20 علامہ اقبالؒ نے کیمبرج یونیورسٹی کے کس کالج میں داخل ہو کر بی اے کی ڈگری حاصل کی؟

(1) ٹرینٹی کالج (2) ایم۔اے۔او کالج

(3) اسلامیہ کالج (4) لاہور کالج

س21 علامہ اقبالؒ نے کس کی تحریک پر اپنا وہ تحقیقی مقالہ لکھنا شروع کیا جس پر انہیں پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی تھی؟

(1) مولوی میر حسن (2) پروفیسر لارڈ لوتھین

(3) ایما ڈمگیناسٹ (4) پروفیسر آرنلڈ

س22 یہ مقالہ علامہ اقبالؒ نے کس کی زیرِ ہدایت تیار کیا تھا؟

(1) پروفیسر آرنلڈ (2) پروفیسر فرالائن رین

(3) مولوی میر حسن (4) پروفیسر ایف ہومل

س23 علامہ اقبالؒ نے اپنا مقالہ کس یونیورسٹی میں پیش کیا؟

(1) کیمبرج یونیورسٹی (2) آکسفورڈ یونیورسٹی

(3) میونخ یونیورسٹی (4) پنجاب یونیورسٹی

س24 اس مقالے کو 1908ء میں لوزک اینڈ کمپنی لندن نے شائع کیا تھا۔ اُسے علامہ اقبالؒ نے کس کے نام منسوب کیا تھا؟

(1) اپنے والد کے نام (2) اپنے اُستاد پروفیسر آرنلڈ کے نام

(3) اپنے اُستاد مولوی میر حسن کے نام (4) اپنے دادا کے نام

س25 علامہ اقبالؒ نے یورپ میں قیام کے دوران کتنے عرصے میں جرمن زبان سیکھ لی تھی؟

(1) 9 ماہ (2) 7 ماہ

(3) 5 ماہ (4) 3 ماہ

س41 اقبالؒ پنجاب یونیورسٹی میں میکلوڈ عربک ریڈر کب مقرر ہوئے؟

① 11 اپریل 1870ء
② 6 اکتوبر 1880ء
③ 13 مئی 1899ء
④ 4 جون 1903ء

س42 اقبالؒ نے اصول قانون کے پرچے میں ناکامی کے بعد دوبارہ پی ای ایل کے امتحان میں سابقہ لیکچروں کی بنا پر امتحان میں شریک ہونے کی اجازت کب چاہی تھی؟

① جون 1900ء
② مئی 1903ء
③ اپریل 1905ء
④ اگست 1913ء

س43 4 نومبر 1907ء کو علامہ اقبالؒ نے کون سا امتحان دیا تھا؟

① میٹرک کا
② ایف-اے
③ ایم اے
④ پی ایچ ڈی

س44 1908ء میں علامہ اقبالؒ نے لندن سے کون سی ڈگری لی تھی؟

① ڈاکٹر آف لٹریچر
② بارایٹ لاء
③ انجینئرنگ کی
④ پی ایچ ڈی

س45 اقبالؒ نے کس ملک میں جرمنی زبان سیکھی؟

① لندن
② انگلستان
③ جرمنی
④ فلسطین

س46 اقبالؒ نے ایم اے میں کون سا مضمون رکھا تھا؟

① انگریزی
② فلسفہ
③ عربی
(د) ریاضی

س47 اقبالؒ نے ایم اے کا امتحان کس سن میں پاس کیا تھا؟

① 1880ء
② 1883ء
③ 1887ء
④ 1899ء

س48 پنجاب یونیورسٹی میں 1899ء میں ایم اے فلسفہ کے کتنے طالب علم تھے؟

① ایک
② پانچ
③ دس
④ پندرہ

س 49 پاکستان کے کس شہر کو گلشن اقبال کہتے ہیں؟

(1) لاہور (2) کوئٹہ

(3) سیالکوٹ (4) کراچی

س 50 اقبالؒ نے دوبارہ گریجویشن کہاں سے کیا تھا؟

(1) گورنمنٹ کالج (2) اسلامیہ کالج

(3) ٹرنٹی کالج (4) اورنیٹل کالج

س 51 علامہ اقبالؒ لندن میں کس پروفیسر کی رخصت کے دوران چھ ماہ تک عربی کے پروفیسر رہے؟

(1) ایف ہومل (2) فرالائن رین

(3) ایماد مکینیاسٹ (4) آرنلڈ

س 52 اسکاچ مشن اسکول میں اقبالؒ کا دسویں جماعت میں اسکول کا رول نمبر کیا تھا؟

(1) 325 (2) 673

(3) 818 (4) 921

س 53 ڈاکٹر آف لٹریچر کی اعزازی ڈگری اقبالؒ کو کس یونیورسٹی نے دی؟

(1) پنجاب یونیورسٹی (2) آکسفورڈ یونیورسٹی

(3) کیمبرج یونیورسٹی (4) ٹوکیو یونیورسٹی

س 54 اقبالؒ کو پہلا تعلیمی وظیفہ کب ملا؟

(1) پانچویں جماعت (2) آٹھویں جماعت

(3) دسویں جماعت (4) بی اے

س 55 1897ء میں علامہ اقبالؒ نے کون سا امتحان پاس کیا تھا؟

(1) میٹرک (2) ایف اے

(3) بی اے (4) ایم اے

س 56 علامہ اقبالؒ اکیڈمی کس شہر میں واقع ہے؟

(1) کراچی (2) سیالکوٹ

(3) پشاور (4) لاہور

س57 1897ء میں کن مضامین میں اول آنے پر اقبالؒ نے وظیفہ کے علاوہ دو سونے کے تمغے بھی حاصل کیے؟

(1) عربی اور انگریزی (2) فلسفہ اور عربی

(3) فلسفہ اور انگریزی (4) انگریزی اور ریاضی

س58 صوبہ سندھ کے کس شہر میں ''گلشن اقبال'' واقع ہے؟

(1) سکھر (2) لاڑکانہ

(3) کراچی (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

س59 اقبالؒ کو شعر و شاعری کا شوق کب پیدا ہوا؟

(1) بچپن سے تھا شوق (2) تعلیم کے دوران

(3) تعلیم سے پہلے (4) مسلمانوں کو آزادی دلانے کے لئے

س60 علامہ اقبالؒ ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کے امتحان میں کب شریک ہوئے تھے؟

(1) 1895ء (2) 1899ء

(3) 1900ء (4) 1901ء

س61 علامہ اقبالؒ ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کے امتحان میں کامیاب کیوں نہ ہو سکے؟

(1) ذہنی دباؤ کی وجہ سے (2) تیاری نہ کرنے کی وجہ سے

(3) جسمانی غیر موزونیت کی بنا پر (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

س62 گورنمنٹ کالج لاہور کا کون سا ایف اے کا طالب علم انعامی مشاعرے میں انعام جیتنے کے بعد اقبالؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا؟

(1) علی حسن (2) سلیم اللہ

(3) کاشف محمود (4) ایم اسلم

علامہ اقبالؒ شادی اور اولاد

س1 علامہ اقبالؒ نے کتنی شادیاں کیں؟
1. پانچ
2. چار
3. تین
4. ایک

س2 علامہ اقبالؒ کی پہلی بیوی کا کیا نام تھا؟
1. کریم بی بی
2. سردار بیگم
3. مختار بیگم
4. عائشہ بیگم

س3 علامہ اقبالؒ کی پہلی شادی کس سن میں ہوئی؟
1. 1860ء
2. 1870ء
3. 1873ء
4. 1893ء

س4 علامہ اقبال کی کون سی بیگم خان بہادر ڈاکٹر شیخ عطا محمد کی صاحبزادی تھیں؟
1. عائشہ بیگم
2. سردار بیگم
3. کریم بی بی
4. مختار بیگم

س5 علامہ اقبالؒ کی دوسری شادی کب ہوئی؟
1. 1897ء
2. 1909ء
3. 1912ء
4. 1915ء

س6 علامہ اقبالؒ کی دوسری بیوی کا کیا نام تھا؟
1. مختار بیگم
2. کریم بی بی
3. عائشہ بیگم
4. سردار بیگم

س 7 علامہ اقبالؒ کی پہلی بیوی سے کتنے بچے ہوئے؟

(1) آٹھ (2) چھ
(3) دو (4) سات

س 8 پہلی بیوی سے جو بچے ہوئے اُن کے نام کس نے رکھے تھے؟

(1) علامہ اقبالؒ کی والدہ نے (2) علامہ اقبالؒ کے والد نے
(3) علامہ اقبالؒ نے (4) علامہ اقبالؒ کی بیوی نے

س 9 آپ کی پہلی بیوی سے جو لڑکا ہوا تھا اُس کا نام کیا ہے؟

(1) فاروق اقبال (2) آفتاب اقبال
(3) جاوید اقبال (4) زبیر اقبال

س 10 علامہ اقبالؒ کی پہلی بیوی سے جو لڑکی پیدا ہوئی اُس کا نام کیا ہے؟

(1) معراج بیگم (2) منیرہ بانو
(3) زیب النساء (4) مہر النساء

س 11 آفتاب اقبال کی سن پیدائش کیا ہے؟

(1) 1893ء (2) 1895ء
(3) 1898ء (4) 1900ء

س 12 علامہ اقبالؒ کی بیٹی معراج بیگم کا سنِ پیدائش کیا ہے؟

(1) 1893ء (2) 1895ء
(3) 1898ء (4) 1930ء

س 13 علامہ اقبالؒ کی بیٹی معراج بیگم کا کتنے برس کی عمر میں انتقال ہوا؟

(1) 10 برس (2) 15 برس
(3) 18 برس (4) 21 برس

س 14 علامہ اقبالؒ کی بیٹی معراج بیگم کس تاریخ کو فوت ہوئی؟

(1) 17 اکتوبر 1915ء (2) 6 اپریل 1917ء
(3) 11 مارچ 1920ء (4) 9 نومبر 1920ء

س15 علامہ اقبالؒ کی دوسری بیگم کے بطن سے کتنے بچے ہوئے تھے؟

(1) نو (2) پانچ

(3) سات (4) دو

س16 سردار بیگم کے بطن سے جو لڑکا پیدا ہوا اُس کا نام بتایئے؟

(1) آفتاب اقبال (2) فاروق اقبال

(3) زبیر اقبال (4) جاوید اقبال

س17 سردار بیگم کے بطن سے جو بیٹی پیدا ہوئی اُس کا نام بتایئے؟

(1) معراج بیگم (2) عائشہ بیگم

(3) منیرہ بیگم (4) قرۃ العین

س18 جاوید اقبال کب پیدا ہوئے؟

(1) 6 جون 1919ء (2) 5 اکتوبر 1924ء

(3) 9 نومبر 1930ء (4) 30 اگست 1933ء

س19 علامہ اقبالؒ نے جاوید اقبال کا تاریخی نام کیا نکالا تھا؟

(1) ظفر الاسلام (2) رحمٰن

(3) صدیق (4) عمر فاروق

س20 منیرہ بانو کب پیدا ہوئی؟

(1) 1910ء (2) 1915ء

(3) 1923ء (4) 1930ء

س21 علامہ اقبالؒ کی تیسری بیوی کا نام بتایئے؟

(1) عائشہ بیگم (2) کریم بی بی

(3) مختار بیگم (4) سردار بیگم

س22 علامہ اقبالؒ کے کون سے صاحبزادے لندن یونیورسٹی میں اُردو زبان کے اُستاد رہے؟

(1) جاوید اقبال (2) آفتاب اقبال

(3) فاروق اقبال (4) زبیر اقبال

س 38 اقبالؒ کی بیوی سردار بیگم کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(1) شیخ خاندان (2) کشمیری خاندان

(3) سید خاندان (4) آرائیں خاندان

س 39 اقبالؒ کی بیوی مختار بیگم کہاں کی رہنے والی تھیں؟

(1) لدھیانہ کی (2) سیالکوٹ کی

(3) کشمیر کی (4) لاہور کی

س 40 سردار بیگم سے احتیاطً دوبارہ نکاح اقبالؒ نے کب کیا تھا؟

(1) 1910ء (2) 1912ء

(3) 1913ء (4) 1915ء

س 41 مدت تک اولاد سے محروم رہنے پر اقبالؒ نے کس بیوی کے لئے اولاد کی دعا کی تھی؟

(1) کریم بی بی (2) عائشہ بیگم

(3) مختار بیگم (4) سردار بیگم

س 42 علامہ اقبالؒ کی ازدواجی زندگی کیسی تھی؟

(1) بہت اچھی (2) تلخیوں کا شکار

(3) مصیبت سے گھری ہوئی (4) محبت سے بھری

س 43 کس خاتون سے علامہ اقبالؒ کے روابط شادی کی حد تک بڑھ چکے تھے؟

(1) سردار بیگم (2) کریم بی بی

(3) مس عطیہ فیضی بیگم (4) مختار بیگم

س 44 مس عطیہ اور اقبالؒ کی شادی کی راہ میں کیا چیز رکاوٹ تھی؟

(1) مس عطیہ کے والدین (2) عمر کا فرق

(3) علامہ اقبالؒ کی تین شادیاں (4) مخصوص خاندانی پس منظر

س 45 اقبالؒ کی پہلی بیوی کریم بی بی کس کی بیٹی تھی؟

(1) عبدالمجید سالک (2) ڈاکٹر محمد عطا خان

(3) غلام محمد (4) علی بخش

س46 آفتاب اقبال کی بہن کا نام بتائیں؟

① معراج بیگم ② منیرہ بانو

③ عطیہ بیگم ④ زیبا النساء بیگم

س47 اقبالؒ کی دوست مس عطیہ فیضی کیسے خاندان سے تعلق رکھتی تھی؟

① غریب خاندان ② مڈل کلاس

③ امیر کبیر خاندان ④ جاگیر دار خاندان

س48 علامہ اقبالؒ کی سب سے پہلی اولاد کب پیدا ہوئی تھی؟

① 1890ء ② 1895ء

③ 1900ء ④ 1905ء

س49 علامہ اقبالؒ کی کون سی بیٹی اپنی ماں کی ہم شکل تھی؟

① معراج بیگم ② منیرہ بیگم

③ زینب بی بی ④ فاطمہ بی بی

س50 کنٹھ مالا کی بیماری میں مبتلا رہ کر اقبالؒ کی کس بیٹی نے وفات پائی تھی؟

① منیرہ بیگم ② زینب بی بی

③ فاطمہ بی بی ④ معراج بیگم

س51 کریم بی بی سے اقبالؒ کی دوسری اولاد کا نام بتائیں؟

① معراج بیگم ② منیرہ بانو

③ آفتاب اقبال ④ جاوید اقبال

س52 اقبالؒ کے بیٹے جاوید اقبال کس شہر میں پیدا ہوئے؟

① لاہور ② سیالکوٹ

③ کوئٹہ ④ کراچی

س53 لدھیانہ (بھارت) میں اقبالؒ اور منیرہ بیگم کو ہر سال دیکھنے اور ملنے کے لئے آنے والی خاتون کا نام بتائیں؟

① کریم بی بی ② سردار بیگم

③ مختار بیگم ④ عطیہ فیفی

س 54 علامہ اقبالؒ کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

(1) دو	(2) چار
(3) چھ	(4) کوئی بھی نہیں

س 55 کس بیوی کے والدین نے اقبالؒ کو بنگلہ کی پیش کش کی تھی؟

(1) کریم بی بی	(2) سردار بیگم
(3) عطیہ فیضی	(4) مختار بیگم

س 56 خان بہادر عطا محمد خان علامہ اقبالؒ کے کیا لگتے تھے؟

(1) آپ کے والد	(2) آپ کے دادا
(3) آپ کے سسر	(4) آپ کے بھائی

علامہ اقبالؒ کی ہمشیرگان اور بھائی

س1 علامہ اقبالؒ کے کل کتنے بہن بھائی تھے؟

① پانچ ② سات

③ دس ④ بارہ

س2 علامہ اقبالؒ کی کتنی بہنیں تھیں؟

① چار ② تین

③ سات ④ پانچ

س3 علامہ اقبالؒ کے کتنے بھائی تھے؟

① چھ ② چار

③ تین ④ دو

س4 علامہ اقبالؒ کے بڑے بھائی کا نام بتایئے؟

① شیخ امتیاز ② شیخ منیب

③ شیخ عطا محمد ④ شیخ نور محمد

س5 اقبالؒ کے بھائی شیخ عطا محمد کی بیوی کا نام کیا تھا؟

① معراج بیگم ② روایت بیگم

③ منیرہ بیگم ④ زینب بیگم

س6 علامہ اقبالؒ کو کس مشہور شاعر نے شعر سنانے کی فرمائش کی تو علامہؒ نے کہا تھا "میرے بڑے بھائی ملنے آئے ہوئے ہیں اور ساتھ والے کمرے میں تشریف فرما ہیں۔ اس لئے پاس ادب سے اُن کی موجودگی میں کلام نہیں سنا سکتا؟"

① تلوک چند محروم ② مولانا ظفر علی خان

③ راز یوسفی ④ اکبر کاظمی

س 7 علامہ اقبالؒ کی اعلیٰ تعلیم کے اخراجات کس نے برداشت کیے تھے؟

(1) آپ کی والدہ نے　(2) آپ کے دادا نے

(3) آپ کے والد نے　(4) آپ کے بھائی نے

س 8 علامہ اقبالؒ نے کس کے نام خط میں کہا تھا: ”میں اپنے بھائی کا ایک قسم کا اخلاقی قرض دار ہوں؟“

(1) آفتاب اقبال　(2) جاوید اقبال

(3) عطیہ فیضی　(4) روایت بیگم

س 9 شیخ عطا محمد کس فن میں کمال رکھتے تھے؟

(1) گھوڑسواری میں　(2) وکالت

(3) تجارت　(4) فنِ تعمیر

س 10 علامہ اقبالؒ نے اپنے بڑے بھائی کو کن القابات سے یاد کیا؟

(1) یوسفِ ثانی　(2) سر

(3) حسان الہند　(4) ترجمان حقیقت

س 11 علامہ اقبالؒ نے کس بھتیجے سے متاثر ہو کر نظم ”بچہ اور شمع“ لکھی تھی؟

(1) امتیاز احمد　(2) مختار احمد

(3) جبار احمد　(4) منیب احمد

س 12 ”طفل شیر خوار“ کس بھتیجے کے واقعہ سے متاثر ہو کر یہ نظم لکھی تھی؟

(1) جبار احمد　(2) منیب احمد

(3) مختار احمد　(4) امتیاز احمد

س 13 علامہ اقبالؒ کی چار بہنیں تھیں۔ کتنی ان سے بڑی اور کتنی چھوٹی تھیں؟

(1) چاروں بڑی تھیں　(2) تین بڑی اور ایک چھوٹی

(3) ایک بڑی اور تین چھوٹی　(4) دو بڑی اور دو چھوٹی

س 14 علامہ اقبالؒ کی کون سی بھتیجی ان کی ہم شکل تھیں؟

(1) روایت بیگم　(2) عطیہ بیگم

(3) وسیمہ مبارک　(4) معراج بیگم

15. شیخ عطا محمد نے کب وفات پائی؟

① 22 دسمبر 1940ء ② 25 دسمبر 1940ء

③ 29 دسمبر 1940ء ④ 31 دسمبر 1940ء

16. شیخ عطا محمد، علامہ اقبالؒ کی موت کا صدمہ برداشت نہ کر سکے۔ وہ علامہ کی وفات کے کتنے عرصے بعد اللہ کو پیارے ہو گئے؟

① چھ برس بعد ② دو برس آٹھ ماہ

③ چار برس گیارہ دن ④ ایک برس نو ماہ

17. علامہ اقبالؒ کے کس نواسے نے ان کے بارے میں کتاب ''اقبالؒ درون خانہ'' لکھی ہے؟

① مختار احمد ② امتیاز احمد

③ منیب نظیر صوفی ④ خالد نظیر صوفی

18. علامہ اقبالؒ کی بہن محترمہ کریم بی بی آپ سے کتنی چھوٹی تھی؟

① ایک سال ② دو سال

③ تین سال ④ چار سال

19. اقبالؒ کی بہن طالع بی بی کا انتقال کب ہوا؟

① 9 دسمبر 1895ء ② 6 جنوری 1898ء

③ 4 اپریل 1900ء ④ 13 جولائی 1901ء

20. 22 دسمبر 1940ء میں علامہ اقبالؒ کے کس عزیز کا انتقال ہوا تھا؟

① بڑے بھائی کا ② والدہ کا

③ بہن کا ④ بیوی کریم بی بی کا

21. ولید اقبال علامہ اقبالؒ کے کیا لگتے ہیں؟

① آپ کے بیٹے ② آپ کے پوتے

③ آپ کے نواسے ④ آپ کے بھتیجے

س22 جاوید اقبال کے بیٹوں ولید اقبال اور منیب اقبال کے نام علامہ اقبالؒ کی کس کتاب کے جملہ حقوق محفوظ ہیں؟

(1) اقبالؒ درون خانہ (2) طفل شیر خوار

(3) بچہ اور شمع (4) بانگِ درا

س23 شیخ عطا محمد کب پیدا ہوئے؟

(1) 1850ء (2) 1855ء

(3) 1859ء (4) 1861ء

س24 شیخ عطا محمد علامہ اقبالؒ سے کتنے سال بڑے تھے؟

(1) دو سال (2) پانچ سال

(3) بارہ سال (4) اٹھارہ سال

س25 علامہ اقبالؒ کے بڑے بھائی شیخ عطا محمد کس شہر میں دفن ہیں؟

(1) سیالکوٹ (2) کراچی

(3) لاہور (4) لدھیانہ

س26 علامہ اقبالؒ کے بڑے پوتے کا نام بتائیں؟

(1) ولید اقبال (2) خالد نظیر صوفی

(3) منیب اقبال (4) علی بخش

س27 محترمہ فاطمہ بی بی، طالع بی بی، کریم بی بی، زینب بی بی کا اقبالؒ کے خاندان سے کیا تعلق تھا؟

(1) کزن تھیں (2) بہنیں تھیں

(3) نواسیاں تھیں (4) پوتیاں تھیں

س28 علامہ اقبالؒ کی سب سے چھوٹی بہن کا نام کیا تھا؟

(1) زینب بی بی (2) فاطمہ بی بی

(3) طالع بی بی (4) فاطمہ بی بی

س29 علامہ اقبالؒ کی سب سے بڑی بہن کا نام بتائیں؟

(1) کریم بی بی (2) زینب بی بی

(3) طالع بی بی (4) فاطمہ بی بی

س30 علامہ اقبالؒ کی ایک بیوی اور بہن کا نام ایک جیسا تھا، نام بتائیے؟

(1) طالع بی بی (2) فاطمہ بی بی

(3) زینب بی بی (4) کریم بی بی

علامہ اقبالؒ شاعر، ادیب اور فلاسفر

س1 علامہ اقبالؒ نے اپنی نظم لا الٰہ الا اللہ کہاں سنائی تھی؟

1. ادبی انجمن
2. انجمن حمایت اسلام
3. بادشاہی مسجد
4. غلام محبوب سبحانی کی رہائش گاہ پر

س2 علامہ اقبالؒ کو بچپن سے ہی شاعری سے لگاؤ تھا۔ آپ نے پہلی غزل کب کہی؟

1. 1885ء
2. 1887ء
3. 1893ء
4. 1897ء

س3 علامہ اقبالؒ کی پہلی غزل آٹھ اشعار پر مشتمل تھی۔ یہ کس رسالے میں شائع ہوئی؟

1. رسالہ تمدن
2. رسالہ مخزن
3. رسالہ زمانہ
4. رسالہ زبان

س4 علامہ اقبالؒ کے شعری ذوق کی پرورش کس اُستاد کی ذہنی تربیت سے ہوئی؟

1. پروفیسر آرنلڈ
2. داغ دہلوی
3. مولانا سید میر حسن
4. ڈاکٹر نکلسن

س5 کس نامور شاعر نے علامہؒ کے لڑکپن میں ہی ان کے عظیم شاعر بننے کی پیش گوئی کی تھی؟

1. ارشد گورگانی
2. داغ دہلوی
3. مولانا سید میر حسن
4. مولانا حالی

س6 علامہ اقبالؒ کی پہلی نظم کا نام بتایئے؟

1. پہاڑ اور گلہری
2. طفل شیر خوار
3. بچہ اور شمع
4. نالہ یتیم

س7 علامہ اقبالؒ کس نامور شاعر کو اپنی غزلیں اصلاح کے لئے بذریعہ ڈاک بھیجتے تھے؟

(1) مولانا حالی (2) داغ دہلوی

(3) اکبر کاظمی (4) سعید علی شعلان

س8 چند غزلوں کی اصلاح کے بعد داغ نے علامہ اقبالؒ کی شاعری کے متعلق کیا کہا تھا؟

(1) آپ غزلیں لکھنا چھوڑ دیں (2) آپ کا کلام غلطیوں سے بھرپور ہے

(3) عظیم شاعر بننے کی پیش گوئی کی (4) آپ کا کلام اصلاح سے بے نیاز ہے

س9 ایک رات میں علامہ اقبالؒ نے زیادہ سے زیادہ کتنے شعر کہے ہیں؟

(1) 100اشعار (2) 133اشعار

(3) 300اشعار (4) 500اشعار

س10 علامہ اقبالؒ مردمومن کی کس خوبی کو سب سے بڑی خوبی کہتے ہیں؟

(1) تکبر (2) وہ اعجاز عمل سے تجدید حیات کرتا ہے

(3) ایمان (4) مسلسل کوشش

س11 نظم نالہ یتیم سُننے کے بعد کس نے کہا تھا: ''میں نے انیس و دبیر کی بہت سی نظمیں سنی ہیں مگر واقعی ایسی دردانگیز پُرسوز اور دل شگاف نظم کبھی نہیں سنی؟''

(1) فقیر سید افتخار حسین (2) مولانا حالی

(3) سعید علی شعلان (4) ڈپٹی نذیر احمد

س12 انجمن حمایت اسلام کے سٹیج سے علامہ اقبالؒ نے 1904ء میں نظم ''تصویر درد'' پڑھی۔ اس نظم کے ایک شعر کو پسند کر کے کس نامور شاعر نے علامہؒ کو دس روپے کا نوٹ عطا کیا تھا؟

(1) لیاقت علی خان (2) ارشد گورگانی

(3) داغ دہلوی (4) مولانا حالی

س13 علامہ اقبالؒ کی کون سی نظم رسالہ ''مخزن'' کے پہلے شمارے میں شائع ہوئی تھی؟

(1) ہمالہ (2) تصویر درد

(3) پیام صبح (4) ایک پہاڑ اور گلہری

س14: علامہ اقبالؒ جب اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان گئے تو تین سال وہاں قیام کیا۔ اس دوران آپ نے کتنی غزلیں نظمیں لکھیں؟

① دس ② سترہ

③ چوبیس ④ پچاس

س15: قیام یورپ کے دوران علامہ اقبالؒ نے شاعری ترک کر لینے کا ارادہ کر لیا تھا۔ کس کے کہنے پر آپ نے اپنے اس ارادے کو عملی جامہ پہنایا؟

① مولانا سید میر حسن ② آرنلڈ

③ پروفیسر فرلائن رین ④ پروفیسر ایف ہومل

س16: علامہ اقبالؒ نے انجمن حمایت اسلام کے چھبیسویں سالانہ اجلاس منعقدہ اپریل 1911ء میں اپنی معرکۃ الآرا نظم "شکوہ" پڑھی جس اجلاس میں یہ نظم پڑھی گئی، اس کی صدارت کون کر رہے تھے؟

① مولانا ظفر علی خان ② فقیر سید افتخار الدین

③ سر سید احمد خان ④ مولانا حالی

س17: علامہ اقبالؒ نے "جواب شکوہ" کب پڑھی؟

① 1913ء ② 1915ء

③ 1917ء ④ 1921ء

س18: علامہ اقبالؒ نے "جواب شکوہ" کہاں پڑھی؟

① سیالکوٹ ② کوئٹہ

③ لاہور ④ انگلستان

س19: اس جلسے کا اہتمام کس نے کیا تھا؟

① مولانا حالی ② مولانا علی جوہر

③ مولانا شبلی نعمانی ④ مولانا ظفر علی خان

س20: "شکوہ اور جواب شکوہ" کا عربی میں ترجمہ مصر کے ایک شاعر نے کیا۔ اُن کا نام بتایئے؟

① ظفر کاظمی ② راز یوسفی

③ سعید علی شعلان ④ عبدالغنی ناز

س 21 علامہ اقبالؒ نے نظم ''حضور رسالت مآب ﷺ میں'' کب پڑھی؟

(1) 9 مارچ 1905ء
(2) 16 اکتوبر 1911ء
(3) 4 جنوری 1913ء
(4) 27 اپریل 1915ء

س 22 علامہ اقبالؒ نے نظم ''حضور رسالت مآب ﷺ میں'' کہاں پڑھی؟

(1) بادشاہی مسجد
(2) موچی دروازہ
(3) غلام محبوب سبحانی کی رہائش گاہ
(4) دہلی دروازہ

س 23 16 اپریل 1912ء میں علامہؒ نے اپنی کون سی مشہور نظم انجمن حمایت اسلام کے ستائیسویں اجلاس منعقدہ ہونے پر پڑھی تھی؟

(1) آزادی پاکستان
(2) شمع و شاعر
(3) محبت
(4) دکھا

س 24 سفر حیدر آباد دکن میں علامہؒ نے گولکنڈہ کے قطب شاہی سلاطین کے مقبرے دیکھ کر کون سی نظم کہی تھی؟

(1) خضر راہ
(2) آدمی
(3) گورستان شاہی
(4) شکوہ

س 26 نظم ''خضر راہ'' کا منظوم انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

(1) علامہ اقبالؒ
(2) مولانا ابوالکلام آزاد
(3) مولانا نیاز احمد خان بٹ
(4) اے کیو نیاز

س 27 ''شیکسپیئر'' یہ نظم علامہ اقبالؒ کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

(1) بال جبریل
(2) ضرب کلیم
(3) بانگِ درا
(4) نشان منزل

س 28 علامہ اقبالؒ کی شاعری کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا ''اقبال قرآن کا شاعر ہے اور شاعر کا قرآن ہے''

(1) خلیفہ عبدالحکیم
(2) امام ابوالحسن
(3) مولانا محمد علی جوہر
(4) داغ دہلوی

29. "بالِ جبریل" کا نام پہلے علامہ اقبالؒ نے کیا رکھا تھا؟

(1) کلامِ آدم (2) نگاہ

(3) حیا کی چادر (4) نشانِ منزل

30. علامہ اقبالؒ کی پہلی کتاب "علم الاقتصاد" تھی۔ اس کا انگریزی نام بتایئے؟

(1) ماسٹر مائنڈ (2) شیالوجی آف سٹی

(3) پولیٹیکل اکانومی (4) مختتم افادہ

31. قرآن مجید میں شراب کو اُم الخبائث کہا گیا، علم الاقتصاد میں علامہؒ نے کس شے کو اُم الخبائث لکھا؟

(1) افلاس کو (2) امیری کو

(3) طاقت کو (4) شراب کو

32. علم الاقتصاد کا دیباچہ کس نے لکھا تھا؟

(1) قائداعظمؒ نے (2) مولانا حالؔی نے

(3) خود علامہ اقبالؒ نے (4) مولانا ابوالکلام آزادؔ نے

33. علامہ اقبالؒ کے پہلے اُردو مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟

(1) بانگِ درا (2) بالِ جبریل

(3) ضربِ کلیم (4) نشانِ منزل

34. "ضربِ کلیم" علامہؒ نے اس اُردو مجموعہ کلام کا پہلے کیا نام رکھا تھا؟

(1) حدنگاہ (2) اسرارِ خودی

(3) صورِ اسرافیل (4) نشانِ منزل

35. "مثنوی اسرارِ خودی" یہ کتاب فارسی میں ہے۔ علامہؒ نے پہلے کس زبان میں لکھنا شروع کی تھی؟

(1) فارسی (2) عربی

(3) انگلش (4) اردو

36. اسرارِ خودی کی شرح کس نے لکھی؟

(1) پروفیسر محمد یوسف سلیم خان (2) قائداعظمؒ

(3) علامہ اقبالؒ (4) سرسید احمد خان

س 37 علامہ اقبالؒ نے اپنے والد محترم کے کہنے پر کس شاعر کے کلام پر کڑی تنقید والے 135 اشعار مثنوی اسرار خودی سے خارج کردیئے تھے؟

(1) فراز احمد فراز (2) شبلی نعمانی

(3) حافظ شیرازی (4) نیّر کمال

س 38 اسراری خودی کا ترجمہ عربی میں کس نے کیا؟

(1) ڈاکٹر محمد عبدالوہاب عزام (2) مولانا حالی

(3) ڈاکٹر لیاقت علی نیازی (4) حافظ شیرازی

س 39 علم الاقتصاد کب شائع ہوئی؟

(1) 1903ء یا 1904ء (2) 1907ء یا 1904ء

(3) 1911ء یا 1903ء (4) 1914ء یا 1915ء

س 40 مثنوی اسرار خودی کب شائع ہوئی؟

(1) 1914ء (2) 1925ء

(3) 1935ء (4) 1915ء

س 41 پیام مشرق کب منظر عام پر آئی؟

(1) 1923ء (2) 1905ء

(3) 1911ء (4) 1917ء

س 42 بانگِ درا پبلشر کے پاس سے شائع ہو کر کب آئی؟

(1) 1948ء (2) 1924ء

(3) 1929ء (4) 1930ء

س 43 جاوید نامہ کب شائع ہوئی؟

(1) 1948ء (2) 1936ء

(3) 1932ء (4) 1947ء

س 44 بال جبریل کب شائع ہوئی؟

(1) 1905ء (2) 1914ء

(3) 1911ء (4) 1935ء

س45 زبورِ عجم کب شائع کی گئی؟

① 1941ء	② 1918ء
③ 1927ء	④ 1915ء

س46 ارمغانِ حجاز کب منظرِ عام پر آئی؟

① 1948ء	② 1938ء
③ 1934ء	④ 1945ء

س47 ضربِ کلیم کب شائع کی گئی؟

① 1936ء	② 1934ء
③ 1955ء	④ 1911ء

س48 اسرارِ خودی کا بنگالی میں منظوم ترجمہ سید علی حسن نے کیا۔ بنگالی میں نثر ترجمہ کس نے کیا؟

① پروفیسر اے جے آربری	② احمد الدین احمد
③ سید عبدالمنان	④ سمندر خان سمندر

س49 ترکی زبان میں اسرارِ خودی کا ترجمہ کس نے کیا؟

① ڈاکٹر عبدالوہاب	② ڈاکٹر علی گنجیلی
③ شیر علی خان سرخوش	④ ڈاکٹر علی نہت تارلان

س50 ڈاکٹر علی نہت تارلان نے ترکی زبان میں اسرارِ خودی کا ترجمہ کیا۔ یہ کب شائع ہوا؟

① 1923ء	② 1958ء
③ 1964ء	④ 1968ء

س51 مثنوی اسرارِ خودی کا ''ترجمانِ اسرار'' کے نام سے اُردو منظوم ترجمہ کس نے کیا؟

① جسٹس شیخ عبدالرحمٰن	② مسٹر منادی
③ محمد بخش	④ کورشید علی مہرجے پوری

س52 انڈونیشی زبان میں اسرارِ خودی کتاب کا ترجمہ کس نے کیا؟

① ای میردوچ	② پروفیسر اینا میری شمل
③ مسٹر بہرام رنگ کوئی	④ شیر محمد مینوش

س53 اسرارِ خودی پر کس دانشور کا تنقیدی مضمون پڑھنے کے بعد علامہ اقبالؒ نے ''مثنوی رموزِ بے خودی'' لکھنا ضروری سمجھا؟

(1) داغ دہلوی (2) مولانا حالی

(3) اکبر کاظمی (4) عبدالرحمٰن بجنوری

س54 رموزِ بے خودی کا انگریزی میں ترجمہ کس نے کیا؟

(1) پروفیسر آرنلڈ (2) پروفیسر اے جے آربری

(3) ڈاکٹر نکلسن (4) ڈاکٹر عبدالوہاب

س55 رموزِ بے خودی کا اردو میں منظوم ترجمہ کس نے کیا؟

(1) خورشید علی مہر جے پوری (2) علامہ اقبالؒ

(3) سمندر خان سمندر (4) حافظ شیرازی

س56 پشتو زبان میں رموزِ بے خودی کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) شیر محمد مینوش (2) محمد بخش واصف

(3) سمندر خان سمندر (4) سر سید علی امام

س57 بنگالی زبان میں ''رموزِ بے خودی'' کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) سید علی حسن (2) علامہ اقبالؒ

(3) عبدالرحمٰن بجنودی (4) احمد الدین احمد

س58 عربی زبان میں ''مثنوی رموزِ بے خودی'' کا ترجمہ کس نے لکھا؟

(1) محمد بخش واصف (2) محمد یوسف سلیم

(3) ڈاکٹر عبدالوہاب (4) سید عبدالمنان

س59 رموزِ بے خودی کا سندھی زبان میں کس نے ترجمہ کیا؟

(1) محمد بخش واصف (2) سید عبدالمنان

(3) احمد الدین احمد (4) ڈاکٹر علی لنت تارلان

س60 ترکی زبان میں ''مثنوی رموزِ بے خودی'' کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) خلیفہ عبدالحکیم (2) سید عبدالمنان

(3) مسٹر منادی (4) ڈاکٹر علی نہت تارلان

س61 شیر محمد مینوش نے ''پیامِ مشرق'' کا پشتو زبان میں ترجمہ کب کیا؟

(1) 1919ء (2) 1923ء

(3) 1926ء (4) 1962ء

اردو زبان میں ''پیام مشرق'' کا ترجمہ شیر علی خان سرخوش نے کب کیا؟

(1) 1921ء (2) 1923ء

(3) 1932ء (4) 1935ء

پیام مشرق کا فرانسیسی میں منظوم ترجمہ ای میر دوچ اور محمد مکا نے کب کیا؟

(1) 1923ء (2) 1931ء

(3) 1956ء (4) 1962ء

پروفیسر اینا میری شمل نے ''پیام مشرق'' کا جرمن زبان میں ترجمہ کب کیا؟

(1) 1963ء (2) 1965ء

(3) 1973ء (4) 1977ء

مسٹر منادی نے گجراتی زبان میں ''پیام مشرق'' کا ترجمہ کب کیا؟

(1) 1923ء (2) 1956ء

(3) 1962ء (4) 1964ء

پیام مشرق کا ترکی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

(1) شیر علی خان سرخوش (2) ڈاکٹر علی گنجیلی

(3) ڈاکٹر علی نہت تارلان (4) سید عبدالمنان

عربی زبان میں ''پیام مشرق'' کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) پروفیسر عبدالوہاب (2) پروفیسر اینا میری شمل

(3) پروفیسر اے جے آربری (4) سید علی حسن

پیام مشرق کے ایک حصے ''لالہ طور'' کا انگریزی میں ترجمہ پروفیسر اے جے اربری نے کب کیا؟

(1) 1923ء (2) 1929ء

(3) 1947ء (4) 1945ء

ایم ہادی حسن نے ''پیام مشرق'' کے منتخب حصے کا ترجمہ کس زبان میں کیا؟

(1) اردو (2) فارسی

(3) پشتو (4) انگریزی

س 70 ''روح مشرق'' کے نام سے کس نے ''پیام مشرق'' کا اُردو میں منظوم ترجمہ کیا تھا؟

① سید عبدالمنان ② عبدالرحمٰن بجنوری

③ عبدالرحمٰن طارق ④ ایم ہادی حسن

س 71 کس جرمن مستشرق نے ''پیام مشرق'' کے ایک حصے کا ترجمہ کر کے اُسے خوبصورت چمڑے پر خوش خط لکھوا کر علامہ اقبالؒ کی خدمت میں بھیجا؟

① ڈاکٹر ہانس مائنکے ② ایم ہادی حسن

③ پروفیسر اے جے آربری ④ ای میرووچ

س 72 چیکوسلوا کی زبان میں ''پیام مشرق'' کی منتخب نظموں کا ترجمہ کس نے کیا جو پراگ سے تصویروں کے ساتھ 1962ء میں چھپا تھا؟

① پروفیسر اینا میری شمل ② مارک جان

③ اے جے آربری ④ پروفیسر آرنلڈ

س 73 جرمن میں اینا میری شمل کے علاوہ کس نے ''پیام مشرق'' کا ترجمہ کیا؟

① مارک جان ② ایم ہادی حسن

③ سید عبدالمنان ④ پروفیسر ہیل

س 74 بانگِ درا کا دیباچہ کس نے لکھا؟

① ایم ہادی حسن ② مولوی عبدالرزاق

③ سر شیخ عبدالقادر ④ عبدالمنان

س 75 سب سے پہلے کس نے خط لکھ کر علامہؒ سے اُردو مجموعہ کلام مرتب کرنے کی درخواست کی تھی؟

① سید عبدالمنان ② خورشید علی مہر جے پوری

③ منشی سراج الدین ④ ایم ہادی حسن

س 76 جن دنوں علامہ اقبالؒ ''بانگِ درا'' ترتیب دے رہے تھے کس نے حیدرآباد دکن سے آپ کا منتشر کلام مختلف رسالوں اور اخباروں سے نقل کر کے کلیات اقبالؒ کے نام سے شائع کر دیا؟

① مولوی عبدالرزاق ② عبدالرحمٰن طارق

③ ایم ہادی حسن ④ منشی سراج دین

س77 بانگِ درا اُردو مجموعہ کلام ہے لیکن اس میں علامہ اقبالؒ کی ایک نظم فارسی اشعار بھی شامل ہیں نام بتایئے؟

① شکوہ اور جواب شکوہ ② پہاڑ اور گلہری

③ پیامِ صبح ④ شمع اور شاعر

س78 راحت زاخیلی نے بانگِ درا کا کس زبان میں ترجمہ کیا؟

① اُردو ② پشتو

③ انگریزی ④ فارسی

س79 بنگالی میں شکوہ جواب شکوہ کا ترجمہ کس نے کیا؟

① محمد سلطان ② سید عبدالمنان

③ احمد الدین احمد ④ محمد بخش واصف

س80 مکمل ''بانگِ درا'' کا بنگالی ترجمہ کس نے کیا؟

① علامہ اقبالؒ ② محمد سلطان

③ احمد الدین احمد ④ کوی غلام مصطفیٰ

س81 1964ء میں کس زبان میں بانگِ درا کا ترجمہ ہوا؟

① انگریزی زبان ② بنگالی زبان

③ روسی زبان ④ پشتو زبان

س82 ''زبورِ عجم'' کتاب کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

① دو حصوں ② چار حصوں

③ پانچ حصوں ④ سات حصوں

س83 پشتو زبان میں زبورِ عجم کا ترجمہ کس نے کیا؟

① محمود شبستری ② محمد سلطان

③ سید تقویم الحق کاکاخیل ④ سید عبدالمنان

س84 انگریزی میں کس نے زبورِ عجم کے پہلے اور دوسرے حصے کا منظوم ترجمہ کیا؟

① ایم ہادی حسن ② پروفیسر آرنلڈ

③ پروفیسر فرالائن رین ④ پروفیسر اے جے آربری

س85 زبور عجم کا گجراتی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

(1) سید عظیم الدین منداِئی (2) مسٹر منادی

(3) محمد سلطان (4) حافظ شیرازی

س86 زبور عجم کا گجراتی زبان میں ترجمہ کب ہوا؟

(1) 1923ء (2) 1956ء

(3) 1960ء (4) 1962ء

س87 علامہ اقبالؒ نے پہلا خطبہ مدراس کے ''گوکھلے ہال'' میں دیا اس محفل کی صدارت کس نے کی تھی؟

(1) پروفیسر دی جی کرنن (2) مہاتما گاندھی

(3) گوکھلے (4) ڈاکٹر سیرائن

س88 علامہ اقبالؒ کی کتاب ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ'' ان کے سات خطبات پر مشتمل ہے۔ ان خطبات کا سب سے پہلے کس نے اردو ترجمہ کیا؟

(1) علامہ اقبالؒ (2) سید نذیر نیازی

(3) شیر علی خان سرخوش (4) سید عبدالمنان

س89 علامہ اقبالؒ نے ''جاوید نامہ'' کی تصنیف کا کام کب شروع کیا؟

(1) 1925ء (2) 1929ء

(3) 1931ء (4) 1932ء

س90 کس مغربی شاعر کے افکار سے متاثر ہو کر علامہ اقبالؒ نے ''جاوید نامہ'' لکھی؟

(1) گوئٹے (2) ایمرسن لانگ فیلو

(3) ڈینی سن (4) دانتے

س91 ڈیوائن کامیڈی اور جاوید نامہ کیا ہیں؟

(1) تھیٹر ڈرامہ (2) مزاحیہ ڈرامہ

(3) آسمانی ڈرامے (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

س92 جس طرح ڈیوائن کامیڈی میں دانتے کی رہنمائی ورجل کرتا ہے۔اس طرح جاوید نامہ میں اقبال" کی رہنمائی کون کرتا ہے؟

(1) مولانا روم (2) مولانا حالی

(3) ظفر کاظمی (4) لیاقت علی خان

س93 علامہ اقبال" نے دانتے کی وفات کے کتنے عرصے بعد "جاوید نامہ" لکھا؟

(1) پانچ سال (2) دس سال

(3) چارسو سال (4) چھ سو سال

س94 علامہ اقبال" نے جاوید نامہ میں کتنے افلاک کا تذکرہ کیا ہے؟

(1) چار افلاک (2) سات افلاک

(3) نو افلاک (4) دس افلاک

س95 انگریزی میں جاوید نامہ کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) اے جے آربری (2) ایم ہادی حسن

(3) محمود احمد شیخ (4) آرنلڈ

س96 پشتو میں جاوید نامہ کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) امیر حمزہ (2) سید تقویم الحق کاکاخیل

(3) شیر محمد مینوش (4) سمندر خان سمندر

س97 سندھی میں جاوید نامہ کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) محمد بخش واصف (2) محمد سلطان

(ج) منشی سراج دین (4) لُطف اللہ بدوی

س98 جرمن زبان میں جاوید نامہ کا منظوم ترجمہ کس نے کیا؟

(1) پروفیسر ہیل (2) پروفیسر اینا میری شمل

(3) مسٹر بہرام رنگ کوئی (4) پروفیسر اے جے آزبری

س99 ترکی میں جاوید نامہ کا نثر میں ترجمہ کس نے کیا؟

(1) ڈاکٹر علی گنجیلی (2) ڈاکٹر علی نہت تارلان

(3) ایم ہادی حسن (4) پروفیسر اینا میری شمل

س 100 اطالوی زبان میں جاوید نامہ کا ترجمہ روم سے کب شائع ہوا؟

(1) 1950ء (2) 1952ء

(3) 1955ء (4) 1957ء

س 101 اطالوی زبان میں جاوید نامہ کا ترجمہ کس نے کیا تھا؟

(1) ای میر دوچ (2) محمد مکا

(3) ایلی سونڈو وبوسانی (4) پروفیسر اے جے آبری

س 102 کیمبرج یونیورسٹی انگلستان کے کس پروفیسر نے بھی جاوید نامہ کا انگریزی ترجمہ کیا تھا؟

(1) پروفیسر اے جے آربری (2) پروفیسر آرنلڈ

(3) پروفیسر فرالائن رین (4) ایم ہادی حسن

س 103 مثنوی مسافر علامہ اقبالؒ کے کس ملک کی سیاحت کی داستان ہے؟

(1) افغانستان (2) انگلستان

(3) یورپ (4) فرانس

س 104 مثنوی مسافر پہلی بار الگ سے کب شائع ہوئی تھی؟

(1) 1929ء (2) 1931ء

(3) 1934ء (4) 1938ء

س 105 علامہ اقبالؒ کے اُردو کے دوسرے مجموعہ کلام کا نام کیا ہے؟

(1) علم الاقتصاد (2) پیام مشرق

(3) ضرب کلیم (4) بال جبریل

س 106 بال جبریل میں شامل غزلوں کی تعداد کتنی ہے؟

(1) 40 (2) 53

(3) 77 (4) 93

س 107 بال جبریل میں نظموں کی تعداد کتنی ہے؟

(1) 50 (2) 53

(3) 59 (4) 63

بال جبریل میں قطعات و رباعیات کی تعداد کتنی ہے؟

① 35 ② 42

③ 47 ④ 51

بال جبریل پر سب سے پہلا تبصرہ کس نے لکھا تھا؟

① اکبر کاظمی ② مولانا حالی

③ گفتار خیالی ④ مولانا سید سلیمان ندوی

بال جبریل پر سب سے پہلا تبصرہ کس رسالے میں شائع ہوا؟

① رسالہ زبان ② رسالہ تمدن

③ رسالہ معارف ④ رسالہ زمانہ

مطالب بال جبریل کے عنوان سے کس نے بال جبریل کی شرح لکھی؟

① لطف اللہ بدوی ② مولانا غلام رسول مہر

③ امیر حمزہ ④ محمد سلطان

پس چہ باید کرد اے اقوام مشرق مثنوی علامہ اقبالؒ نے کب لکھنا شروع کی؟

① 1911ء ② 1913ء

③ 1915ء ④ 1917ء

کس نے علامہ اقبالؒ سے کہا تھا: ”آپ کی ساری شاعری جسم ہے اور [illegible] ہے“؟

① داغ دہلوی ② مولانا حالی

③ مس عطیہ فیضی ④ یوسف سلیم چشتی

علامہ اقبالؒ نے اپنی کس تصنیف کو ”دور حاضر کے خلاف اعلان جنگ“ قرار دیا تھا؟

① پیام مشرق ② علم الاقتصاد

③ ضرب کلیم ④ ارمغان حجاز

علامہ اقبالؒ کا تیسرا اُردو مجموعہ کلام کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

① 4 ② 6

③ 8 ④ 9

س116 ضرب کلیم کو علامہ اقبالؒ نے کس کے نام معنون کیا ہے؟

(1) نواب سر حمید اللہ خان (2) مس عطیہ فیضی

(3) جاوید اقبال (4) داغ دہلوی

س117 ضرب کلیم کی پہلی نظم کا نام بتائیے؟

(1) پہاڑ اور گلہری (2) ایک پرندہ اور جگنو

(3) دعا (4) صبح

س118 ضرب کلیم کا عربی میں ترجمہ کس نے کیا؟

(1) علامہ اقبالؒ (2) ڈاکٹر عبدالوہاب عزام

(3) احمد الدین احمد (4) محمد بخش واصف

س119 فارسی میں ضرب کلیم کا ترجمہ کس نے کیا؟

(1) سمندر خان سمندر (2) شیر محمد مینوش

(3) ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی (4) سید عبدالمنان

س120 علامہ اقبال کی کون سی کتاب ان کے انتقال کے بعد شائع ہوئی؟

(1) ارمغان حجاز (2) زبور عجم

(3) پیام مشرق (4) بانگِ درا

س121 ارمغان حجاز کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

(1) 2 (2) 4

(3) 3 (4) 5

س122 ارمغان حجاز کا پہلا حصہ کس کلام پر مشتمل ہے؟

(1) انگریزی (2) اُردو

(3) فارسی (4) پشتو

س123 ارمغان حجاز کا دوسرا حصہ کس کلام پر مشتمل ہے؟

(1) پشتو (2) انگریزی

(3) فارسی (4) اُردو

س124 ارمغان حجاز علامہ اقبالؒ کی وفات کے کتنے عرصے بعد شائع ہوئی؟

(1) 1 ماہ بعد (2) 7 ماہ بعد

(3) 9 ماہ 12 دن بعد (4) 1 سال بعد

س 125 ارمغان حجاز پر سب سے پہلا تبصرہ کس نے کیا؟

(1) سید سلیمان ندوی (2) محمد یوسف سلیم خان چشتی

(3) سعید علی شعلان (4) محمد حسین

س 126 ارمغان حجاز پر پہلا تبصرہ کس ہفت روزے میں چھپا تھا؟

(1) ڈان (2) مخزن

(3) حمایت اسلام (4) تمدن

س 127 ''ابلیس کی مجلس شوریٰ'' ارمغان حجاز میں شامل اس نظم کا انگریزی ترجمہ محمد اشرف نے کیا۔ اس ترجمے کا پیش لفظ کس نے لکھا تھا؟

(1) آرنلڈ (2) فرالائن رین

(3) الطاف حسین (4) ڈاکٹر نکلسن

س 128 ارمغان حجاز کا سندھی میں ترجمہ کس نے کیا؟

(1) لطف اللہ بدوی (2) امیر حمزہ

(3) سمندر خان سمندر (4) محمد بخش واصف

س 129 علامہ اقبالؒ وفات سے چند ماہ قبل انگریزی میں کس شاعر کی کتاب ''زروشت نے یوں کہا'' کی طرز پر کتاب لکھنا چاہتے تھے؟

(1) بیدل (2) نطشے

(3) ہیگل (4) مرزا غالب

س 130 ''مجذوب فرنگی'' کس مغربی شاعر کو علامہ اقبالؒ نے یہ نام دیا تھا؟

(1) گوئٹے (2) دانتے

(3) ہیگل (4) نطشے

س 131 ''میرا تجربہ ہے کہ مجھ پر شعر پورا اترتا ہے پھر پیغمبر پر عبارت کیوں نہیں پوری اُتری ہوگی'' علامہ اقبالؒ نے یہ کس سے کہا تھا؟

(1) ڈاکٹر لوکس (2) ڈاکٹر نکلسن

(3) آرنلڈ (4) قائد اعظم

س 132: ''آپ کی مشن کی کامیابی کے لئے میں اپنی رگوں میں دوڑتے خون کا آخری قطرہ تک نچوڑ دوں گا''۔ علامہ اقبالؒ نے یہ کس شخصیت سے کہا تھا؟

① قائداعظمؒ ② سید میر حسن

③ مولانا ظفر علی خانؒ ④ سر سید احمد خانؒ

س 133: ''نظم شکوہ'' کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

① 30 ② 57

③ 93 ④ 100

س 134: سلطان مراد اور معمار کا تذکرہ علامہؒ کی کس کتاب میں آیا ہے؟

① بانگِ درا ② ضرب کلیم

③ جاوید نامہ ④ رموزِ بے خودی

س 135: ''بال جبریل'' میں ایک پشتو شاعر سے متعلق ایک نظم شامل ہے۔ شاعر کا نام بتایئے؟

① راحت زاخیلی ② خوشحال خان خٹک

③ شیر محمد مینوش ④ سمندر خان سمندر

س 136: مینار پاکستان لاہور پر علامہ اقبالؒ کی کس کتاب کے شعر کندہ ہیں؟

① رُموزِ بے خودی ② پیام مشرق

③ زبور عجم ④ اسرارِ خودی

س 137: ''ماں کا خواب'' یہ مشہور نظم کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

① ضرب کلیم ② پیام مشرق

③ جاوید نامہ ④ بانگِ درا

س 138: سارے کلام اقبالؒ کا کتنا حصہ فارسی میں ہے؟

① دو تہائی ② تین تہائی

③ پانچ تہائی ④ چار تہائی

س 139: آفتاب صبح اور پیام صبح یہ نظمیں تو بانگِ درا میں شامل ہیں ''نوید صبح'' کس مجموعہ کا کلام ہے؟

① جاوید نامہ ② پیام مشرق

③ اسرارِ خودی ④ بانگِ درا

س140 نظم "جوابِ شکوہ" کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

① 73 ② 90

③ 108 ④ 113

س141 "بانگِ درا کے آخر میں" ظریفانہ کے عنوان سے کتنے قطعات موجود ہیں؟

① 13 ② 28

③ 31 ④ 39

س142 اقبالؒ کی نظم مرزا غالب مخزن کے کس شمارے میں شائع ہوئی؟

① 1901ء ② 1903ء

③ 1905ء ④ 1907ء

س143 نومبر 1901ء رسالہ مخزن میں اقبالؒ کی کون سی نظم چھپی تھی؟

① پرندے کی فریاد ② خفتگان خان کسے خاکسار

③ ہمالہ ④ ابرِ کوہسار

س144 بتایئے اقبالؒ کی نظم آفتاب مخزن کے کس شمارے میں شائع ہوئی؟

① 1900ء ② 1902ء

③ 1905ء ④ 1907ء

س145 اقبالؒ کی نظمیں "شمع" اور "ایک آرزو" رسالہ مخزن کے کس شمارے میں شائع ہوئی؟

① اپریل 1901ء ② نومبر 1901ء

③ دسمبر 1902ء ④ جنوری 1903ء

س146 فلسطین کی سیاحت کے دوران اقبالؒ نے کون سی نظم لکھی؟

① ہمالہ ② ذوق شوق

③ شمع ④ ایک پہاڑ اور گلہری

س147 اقبالؒ کی نظم "ہمارا دیس" مخزن کے کس شمارے میں چھپی تھی؟

① اکتوبر 1904ء ② جنوری 1905ء

③ اپریل 1907ء ④ جون 1910ء

س148 اقبالؒ کے کس مجموعے میں سب سے زیادہ اشعار ہیں؟

1. بال جبریل
2. ارمغان حجاز
3. زبور عجم
4. بانگِ درا

س149 اقبالؒ کی تصنیف ضرب کلیم کے دوسرے حصے کا عنوان کیا ہے؟

1. عورت اور تمدن جدید
2. تاریخ بحثیت ایک علم
3. تعلیم و تربیت
4. ادبی تنقید اور اس کے مقاصد

س150 اقبالؒ کی نظم زمین و آسمان کس مجموعہ میں شامل ہے؟

1. بانگِ درا
2. پیامِ مشرق
3. ضرب کلیم
4. ارمغانِ حجاز

حیاتِ اقبالؒ اور اُن کی شاعری و فلسفے پر کتابیں

مولانا غلام رسول مہر نے اقبالؒ پر کون سی کتاب مرتب کی؟

1. ملفوظاتِ اقبالؒ
2. ذکرِ اقبالؒ
3. اقبالیات
4. مقاماتِ اقبالؒ

تلمیحاتِ اقبال اور شعرِ اقبالؒ کس کی تصانیف ہیں؟

1. سید وقار عظیم
2. محمد حنیف رامے
3. مولانا غلام رسول
4. سید عابد علی عابد

مشہور ادیب رئیس احمد جعفری نے علامہ اقبالؒ پر کونسی کتاب لکھی؟

1. اقبالؒ اور مسٹر
2. اقبالؒ امام ادب
3. اقبالؒ اور ملا
4. اقبالؒ کیا چاہتے تھے؟

بتائیے "اقبالؒ اور مسٹر" کس کی تصنیف ہے؟

1. منشی عبدالرحمٰن
2. پروفیسر محمد عثمان
3. سید عابد علی عابد
4. سید نذیر نیازی

ڈاکٹر سلیم اختر نے اقبالؒ پر کون سی کتاب مرتب کی؟

1. سیرتِ اقبالؒ
2. اقبالؒ نامہ
3. اقبالؒ نئی تشکیل
4. اقبالؒ ممدوحِ عالم

کتاب "مقاماتِ اقبالؒ" کس کی تصنیف ہے؟

1. ڈاکٹر جاوید اقبال
2. ڈاکٹر سلیم اللہ اختر
3. ڈاکٹر سید عبداللہ
4. خالد علوی

س 7 اقبالؒ سے متعلق سید نذیر نیازی کی کتاب کا نام بتائیں؟

(1) اقبال اور جمالیات (2) سیرت اقبالؒ

(3) ملفوظات اقبالؒ (4) اقبالؒ اور اس کا پیغام

س 8 کیا آپ جانتے ہیں کہ محمد حنیف رامے نے علامہؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) اقبالؒ اور سوشلزم (2) اقبالؒ اور مسٹر

(3) اقبالؒ آخری دو سال (4) فکر اقبالؒ

س 9 ''ذکرِ اقبال'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) عاشق حسین بٹالوی (2) خلیفہ عبدالحکیم

(3) صلاح الدین احمد (4) عبدالمجید سالک

س 10 ''فیضان اقبالؒ'' اور ''اقبالؒ پیامبر انقلاب'' کے مرتب کون ہیں؟

(1) سید عابد علی عابد (2) شورش کاشمیری

(3) رئیس احمد جعفری (4) ڈاکٹر سلیم اختر

س 11 کتاب ''اقبالؒ کیا چاہتے تھے؟'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

(1) مولانا غلام رسول (2) سید عابد علی عابد

(3) سید نذیر نیازی (4) ڈاکٹر جاوید اقبال

س 12 سید وقار عظیم نے اقبالؒ سے متعلق کتاب لکھی ہے؟

(1) اقبالؒ اور تحریک پاکستان (2) اقبالؒ گہوارہ تربیت

(3) اقبالؒ شاعری و فلسفی (4) اقبالؒ

س 13 ''اسرار و رموز پر ایک نظر'' اور ''حیات اقبالؒ کا جذباتی دورہ'' ان دونوں کتابوں کے مصنف کا نام بتائیں؟

(1) ڈاکٹر سید عبداللہ (2) پروفیسر محمد عثمان

(3) عبدالمجید سالک (4) منشی عبدالرحمٰن

س 14 چراغ حسن حسرت نے اقبالؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی؟

(1) اقبالؒ نامہ (2) اقبالؒ کامل

(3) بیادِ اقبالؒ (4) میزان اقبالؒ

س 15 کتاب ''شذرات فکرِ اقبالؒ'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) بشیر احمد ڈار (2) خالد علوی

(3) شیخ محمد علی (4) ڈاکٹر جاوید اقبال

س16 مشہور ادیب شاہد حسین رزاقی نے علامہ اقبالؒ پر کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) اقبالؒ امام ادب (2) اقبالؒ نامہ
(3) اقبالؒ اور سیاست (4) نقشِ اقبالؒ

س17 بتایئے ''زندہ رود'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) ڈاکٹر جاوید اقبال (2) کلیم نشتر
(3) سید وقار عظیم (4) سید نذیر نیازی

س18 پروفیسر محمد طاہر فاروقی نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) اقبالؒ کا مطالعہ (2) اقبالؒ اور تحریک پاکستان
(3) سیرت اقبالؒ (4) نظریات اقبالؒ

س19 ''اقبالؒ درون خانہ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(1) ڈاکٹر عبدالوہاب (2) خالد نظیر صوفی
(3) ڈاکٹر سلیم اختر (4) سید عابد علی عابد

س20 ''اوراق گم گشتہ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(1) شیخ محمد علی (2) جاوید اقبال
(3) شورش کاشمیری (4) رحیم بخش شاہین

س21 بیگم عطیہ فیضی نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی؟

(1) اقبالؒ (انگریزی) (2) اقبالؒ (اُردو)
(3) اقبالؒ کا مطالعہ (4) حرف اقبالؒ

س22 اقبالؒ سے متعلق نصیر احمد ناصر کی کتاب کا نام بتائیں؟

(1) مطالب اقبالؒ (2) اقبالؒ سب کے لئے
(3) اقبالؒ اور جمالیات (4) افکارِ اقبالؒ

س23 کیا آپ بتا سکتے ہیں ''بیادِ اقبالؒ''، کس نے لکھی تھی؟

(1) ممتاز حسین (2) خلیل اللہ خلیلی
(3) منہاج الدین (4) عبداللہ جاوید

س24 ''محمد احمد صدیقی'' نے اقبالؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی ہے؟
1 انوارِ اقبالؒ
2 اقبالؒ کی تعلیمی نظریات
3 روحِ اقبالؒ
4 میزانِ اقبالؒ

س25 کیا آپ جانتے ہیں کہ ''اقبالؒ کامل'' کے مصنف کون ہیں؟
1 کلیم نشتر
2 ملک حسن اختر
3 عبدالسلام ندوی
4 آغا شیر احمد خاں

س26 ''اقبالؒ کا نظریہ اخلاق'' کس کی تصنیف ہے؟
1 سید احمد رفیق
2 جگن ناتھ آزاد
3 بیگم عطیہ فیضی
4 چراغ حسن حسرت

س27 ''شیخ عبدالرحمٰن طارق'' نے اقبالؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی؟
1 اقبالؒ کے محبوب صوفیا
2 اقبالؒ سب کے لئے
3 پیامِ اقبالؒ
4 اقبالؒ کامل

س28 کتاب ''اقبالؒ کے دس شعر'' کے مصنف کون ہیں؟
1 ڈاکٹر سلیم اختر
2 میر عبدالصمد خان
3 بشیر احمد ڈار
4 صلاح الدین احمد

س29 سید واجد رضوی نے علامہ اقبالؒ کے متعلق کون سی کتاب لکھی؟
1 باقیاتِ اقبالؒ
2 اقبالؒ اور تہذیب حاضر
3 افکارِ اقبالؒ
4 انوارِ اقبالؒ

س30 کیا آپ بتا سکتے ہیں ''مفکر پاکستان'' کس نے لکھی تھی؟
1 محمد حنیف شاہد
2 بیگم عطیہ فیضی
3 آغا بشیر احمد خان
4 ڈاکٹر محمد ریاض

س31 علامہ اقبالؒ پر عزیز احمد کی تصنیف کا نام بتائیں؟
1 مفکر پاکستان
2 افکار پاکستان
3 اقبالؒ نئی تشکیل
4 اقبالؒ سب کے لئے

س32 "آئینہ اقبالؒ" کے مصنف کون ہیں؟

(1) جاوید اقبالؒ (2) علامہ اقبالؒ

(3) سید عابد علی عابد (4) محمد عبداللہ قریشی

س33 بتایئے "اقبالؒ اور سید سلیمان ندوی" کے مصنف کون ہیں؟

(1) ملک حسن اختر (2) ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی

(3) کلیم نشتر (4) شاہد حسین فاروقی

س34 کیا آپ جانتے ہیں "اقبالؒ اور نظریہ پاکستان" کس نے لکھی تھی؟

(1) غلام احمد پرویز (2) جاوید اقبال

(3) نعیم صدیقی (4) شیخ محمد علی

س35 "گوہر نوشاہی" نے اقبالؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) آئینہ اقبالؒ (2) اقبالؒ کامل

(3) مطالعہ اقبالؒ (4) بیادِ اقبالؒ

س36 "اقبالؒ کے حضور" کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(1) بشیر احمد ڈار (2) ڈاکٹر سلیم اختر

(3) سید واجد رضوی (4) سید نذیر نیازی

س37 بتایئے "اقبالؒ اور اُس کا عہد" کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(1) جگن ناتھ آزاد (2) عزیز احمد

(3) ملک حسن اختر (4) شیخ محمد علی

س38 کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ "پروفیسر محمد منور" نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی تھی؟

(1) مطالب اقبالؒ (2) میزانِ اقبالؒ

(3) افکار اقبالؒ (4) ذکر اقبالؒ

س39 مشہور ادیب ڈاکٹر یوسف حسین نے علامہ اقبالؒ پر کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) اقبالؒ نئی تشکیل (2) پیام اقبالؒ

(3) سیرتِ اقبالؒ (4) روحِ اقبالؒ

س 40 کتاب ''کلیدِ اقبالؒ'' کے مصنف کون ہیں؟

1. سید واجد رضوی
2. محمد احمد صدیقی
3. منصور بی اے
4. خالد نظیر صوفی

س 41 ڈاکٹر عبدالسلام خورشید نے علامہ اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی؟

1. اقبالؒ
2. بیادِ اقبالؒ
3. حرفِ اقبالؒ
4. اقبالؒ سب کے لئے

س 42 کتاب ''دانائے راز'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

1. کلیم نشتر
2. محمد حنیف شاہد
3. آغا شیر احمد خان
4. عبدالسلام ندوی

س 43 عبدالواحد معینی نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی؟

1. اقبالؒ اور کشمیر
2. باقیاتِ اقبالؒ
3. مطالبِ اقبالؒ
4. شعرِ اقبالؒ

س 44 ''پیامِ اقبالؒ'' کس کی تصنیف ہے؟

1. پروفیسر فروغ احمد
2. سید عابد علی عابد
3. کلیم نشتر
4. غلام احمد پرویز

س 45 ''فلسفہ اقبالؒ کے نفسیاتی منافع'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

1. ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی
2. عزیز احمد
3. نعیم صدیقی
4. جگن ناتھ آزاد

س 46 مولانا اعجاز الحق قدوسی نے علامہ اقبالؒ پر کون سی کتاب لکھی؟

1. اقبالؒ اور سیاست
2. اقبالؒ کے محبوب صوفیا
3. بیادِ اقبالؒ
4. روحِ اقبالؒ

س 47 کتاب ''اقبالؒ، مائنڈ اینڈ آرٹ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

1. چراغ حسن حسرت
2. سید عابد علی عابد
3. سعد وقار عظیم
4. جگن ناتھ آزاد

س48 سید نذیر نیازی کی اقبالؒ سے متعلق کتاب کا نام بتائیں؟

(1) انوارِ اقبالؒ (2) روحِ اقبالؒ

(3) اقبالؒ کا مطالعہ (4) اقبالؒ

س49 کیا آپ جانتے ہیں ''داستان اقبالؒ'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) صابر کلوروی (2) جاوید اقبال

(3) عزیز احمد (4) نعیم صدیقی

س50 بتائیے ''اقبالؒ اور بھوپال'' کے مرتب کون ہیں؟

(1) چراغ حسن حسرت (2) سید نذیر نیازی

(3) ملک حسن اختر (4) صبا لکھنوی

س51 ''لطیف احمد شیروانی'' نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) آئینہ اقبالؒ (2) حرفِ اقبالؒ

(3) پیامِ اقبالؒ (4) افکارِ اقبالؒ

س52 کیا آپ جانتے ہیں کہ کلیم نشتر نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) اوراقِ گم گشتہ (2) اقبالؒ نامہ

(3) اقبالؒ اور جمالیات (4) نظریاتِ اقبالؒ

س53 کتاب ''افغانستان اور اقبالؒ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(1) رحیم بخش شاہین (2) خالد نظیر صوفی

(3) خلیل اللہ خلیلی (4) ڈاکٹر عاشق حسین

س54 بتائیے ''اقبالؒ اور کشمیر'' کے مرتب کون ہیں؟

(1) ڈاکٹر صابر آفاقی (2) ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی

(3) عزیز احمد (4) نعیم صدیقی

س55 مشہور ادیب شیخ محمد علی نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) اقبالؒ کامل (2) نظریات و افکارِ اقبالؒ

(3) حرفِ اقبالؒ (4) میزانِ اقبالؒ

س56 مقبول انور داؤدی نے اقبالؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) سیرت اقبالؒ (2) اقبالؒ اور قادنیت

(3) پیام اقبالؒ (4) مطالب اقبالؒ

س57 کتاب ''اقبالؒ، شعرہ، حیاتہ فلسفہ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(1) محمد احمد صدیقی (2) گوہر نوشاہی

(3) ڈاکٹر عبدالوہاب عزام (4) خالد علوی

س58 ''تقدیر امم اور اقبالؒ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(1) اقبالؒ (2) جاوید اقبال

(3) بیگم عطیہ فیضی (4) ڈاکٹر محمد ریاض

س59 کیا آپ جانتے ہیں کہ مصنف سمیع اللہ قریشی نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی ہے؟

(1) مفکر پاکستان (2) افکار اقبال

(3) مطالعہ اقبالؒ (4) روحِ اقبالؒ

س60 پروفیسر فروغ احمد کی اقبالؒ سے متعلق تصنیف کا نام بتائیں؟

(1) آئینہ اقبالؒ (2) اقبالؒ نامہ

(3) تفہیم اقبالؒ (4) شعرِ اقبالؒ

س61 کتاب ''اقبالؒ سب کے لئے'' کس مصنف کی ہے؟

(1) فرمان فتحپوری (2) گوہر نوشاہی

(3) نعیم صدیقی (4) سید عابد علی عابد

س62 ''افکار و تصوراتِ اقبالؒ'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) شاہد حسین فاروقی (2) بشیر احمد ڈار

(3) منہاج الدین (4) جاوید اقبال

س63 بتایئے بشیر احمد ڈار نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی؟

(1) اقبالؒ اور بھوپال (2) انوارِ اقبالؒ

(3) داستانِ اقبالؒ (4) میزانِ اقبالؒ

س72 اقبالؒ کے متعلق سید عابد علی عابد کی تصنیف کا نام بتائیں؟

1. تفہیم اقبالؒ
2. شعرِ اقبالؒ
3. افکار اقبالؒ
4. نظریات اقبالؒ

س73 ممتاز حسین کی اقبالؒ سے متعلق کتاب کا نام بتائیں؟

1. اقبالؒ اور عبدالحق
2. اقبالؒ سب کے لئے
3. اقبالؒ نئی تشکیل
4. اقبالؒ اور کشمیر

س74 ''اقبالؒ اور ہمارے فکری رویے'' کس کی تصنیف ہے؟

1. عبداللہ جاوید
2. ڈاکٹر سلیم اختر
3. عزیز احمد
4. شورش کاشمیری

س75 کیا آپ جانتے ہیں ''اقبالؒ اور تحریک پاکستان'' کے مصنف کون ہیں؟

1. نصیر احمد ناصر
2. خالد نظیر صوفی
3. شیخ محمد علی
4. ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی

س76 ''اقبالؒ کی کہانی'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

1. عبدالمغنی
2. صائب عاصمی
3. ڈاکٹر ظہیر الدین احمد جامعی
4. سید عابد علی عابد

س77 ''اقبالؒ گہوارہ تربیت'' کے مصنف کون ہیں؟

1. اے۔کے بروہی
2. فقیر حسین ساحر
3. نذیر الحق میرٹھی
4. ایم۔ایم۔اشرف

س78 اقبالؒ کے متعلق ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کی تصنیف کا نام بتائیں؟

1. اقبالؒ کی طویل نظمیں
2. نعیم صدیقی
3. صلاح الدین احمد
4. سعید احمد رفیق

س79 حفیظ ملک نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی تھی؟

1. بیادِ اقبالؒ
2. پیامِ اقبالؒ
3. مفکر پاکستان
4. اقبالؒ پوئٹ فلاسفر آف پاکستان

س 88 ''اقبالؒ کا نظام فن'' کے مصنف کون ہیں؟

1. حفیظ ملک
2. فقیر حسین ساحر
3. عبدالمغنی
4. عزیز احمد

س 89 ''اقبالؒ شعاع صد رنگ'' کے مصنف کون ہیں؟

1. سید عابد علی عابد
2. ڈاکٹر سلیم اختر
3. نعیم صدیقی
4. محمد اشرف

س 90 ڈاکٹر افتخار صدیقی نے اقبالؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی ہے؟

1. اقبالؒ قلندر نہیں تھا
2. اقبالؒ پر ایک نظر
3. سیرتِ اقبالؒ
4. عروج اقبالؒ

س 91 بتائیے محمد طفیل احمد بدر نے اقبالؒ کے بارے میں کون سی کتاب لکھی ہے؟

1. یادگارِ اقبالؒ
2. کلیدِ اقبالؒ
3. اقبالؒ
4. خوشحال و اقبالؒ

س 92 ''اقبالؒ اورینٹل کالج میں'' کس کی تصنیف ہے؟

1. فقیر حسین ساحر
2. خواجہ عبدالرحیم
3. ڈاکٹر غلام حسن ذوالفقار
4. خالد علوی

س 93 ''اقبالؒ اپنے آئینے میں'' کے مصنف کون ہیں؟

1. رئیس احمد جعفری
2. سید عابد علی عابد
3. نعیم صدیقی
4. حفیظ ملک

س 94 مشہور ادیب نظیر حیدر آبادی نے اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی؟

1. بیادِ اقبالؒ
2. دانائے راز
3. اقبالؒ اور سیاست
4. اقبالؒ اور حیدر آباد

س 95 کیا آپ جانتے ہیں نذیر الحق میرٹھی نے اقبالؒ پر کون سی کتاب لکھی؟

1. اقبالؒ کے تعلیمی نظریات
2. اقبالؒ پر ایک نظر
3. عروج اقبالؒ
4. اقبالؒ کی کہانی

س96 کیا آپ بتا سکتے ہیں ''تحقیقات اقبالؒ'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) بشیر احمد ڈار (2) محمد اشرف

(3) حفیظ ملک (4) ڈاکٹر صدیق جاوید

س97 کتاب ''سٹڈیز ان اقبالؒ'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) عبداللہ جاوید (2) نصیر احمد ناصر

(3) خالد خاور (4) ایس۔اے۔وحید

س98 ایم ایم اشرف نے علامہ اقبالؒ سے متعلق کون سی کتاب لکھی تھی؟

(1) اباؤٹ اقبالؒ اینڈ ہز تھاٹس (2) طیف اقبالؒ

(3) اقبالؒ کا کلام (4) میزان اقبالؒ

س99 کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ''اقبالؒ اور اس کا پیغام'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) سید عابد علی عابد (2) خالد خاور

(3) نعیم صدیقی (4) جاوید اقبال

س100 ''علامہ اقبالؒ اور ان کی پہلی بیوی'' یہ کتاب کس نے لکھی ہے؟

(1) علامہ اقبالؒ (2) جاوید اقبال

(3) بیگم عطیہ فیضی (4) السید حامد الجلالی

"علامہ اقبالؒ" اور ان کی سیاسی زندگی

س1 بتایئے علامہ اقبالؒ نے احباب کے اصرار پر پنجاب لیجسلیٹو کونسل کا انتخاب لڑنے کا ارادہ کب کیا؟

1. 1920ء
2. 1926ء
3. 1929ء
4. 1933ء

س2 "ممبر کا سب سے بڑا وصف یہ ہونا چاہیے کہ ذاتی اور قومی منفعت کی ٹکر کے وقت اپنے شخصی مفاد کو مفادِ قوم پر قربان کر دے۔" علامہ اقبالؒ نے کب ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی؟

1. 4 اکتوبر 1926ء
2. 7 اکتوبر 1926ء
3. 11 اکتوبر 1926ء
4. 13 اکتوبر 1926ء

س3 اس انتخاب میں علامہ اقبالؒ کا مقابلہ کس سے ہوا؟

1. ملک محمد دین
2. میاں عبدالعزیز
3. ملک محمد حسین
4. سر آغا خان

س4 پولنگ 23 اور 24 نومبر کو ہوئی۔ 12 ہزار ووٹوں میں سے اڑسٹھ فی صد ووٹ ڈالے گئے علامہ اقبالؒ کتنے ووٹ لے کر کامیاب ہوئے؟

1. 2000 ووٹ
2. 3300 ووٹ
3. 4411 ووٹ
4. 5675 ووٹ

سوال 5: ہوم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کب سرکاری نتائج کا اعلان ہوا جس میں علامہ اقبالؒ کو کامیاب قرار دیا گیا؟

1. 11 اکتوبر 1924ء
2. 10 دسمبر 1926ء
3. 12 اپریل 1927ء
4. 11 اگست 1929ء

سوال 6: ''کمیشن میں کسی ہندوستانی کا نہ ہونا غیر متوقع، مایوس کن اور تکلیف دہ ہے'' سائمن کمیشن سے متعلق علامہ اقبالؒ نے کب اپنے بیان میں یہ کہا تھا؟

1. 11 مارچ 1923ء
2. 30 جولائی 1925ء
3. 17 جون 1926ء
4. 9 نومبر 1927ء

سوال 7: پہلی گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی؟

1. 11 اکتوبر 1926ء
2. 10 دسمبر 1926ء
3. 12 نومبر 1930ء
4. 6 جولائی 1931ء

سوال 8: دسمبر 1930ء کو منعقد ہونے والے آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کی صدارت علامہ اقبالؒ نے کی تھی۔ یہ جلسہ کہاں ہوا تھا؟

1. الہٰ آباد کے مقام دروازہ منزل میں
2. رنگ محل لاہور میں
3. بادشاہی مسجد کے وسط میں
4. دہلی میں

سوال 9: اس جلسے میں علامہ اقبالؒ نے ایک تاریخی خطبہ پڑھتے ہوئے ''نظریہ پاکستان'' پیش کیا تھا یہ خطبہ کس زبان میں پڑھا گیا؟

1. اردو
2. فارسی
3. پشتو
4. انگریزی

سوال 10: 1930ء کے جلسہ الہٰ آباد میں استقبالیہ مجلس کے چیئرمین کون تھے؟

1. مسٹر یعقوب
2. بیرسٹر محمد حسین
3. ملک محمد دین
4. قائداعظمؒ

س11 دوسری گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی؟

1. مارچ 1929ء
2. نومبر 1930ء
3. ستمبر 1931ء
4. جون 1933ء

س12 علامہ اقبالؒ نے دوسری کانفرنس میں شرکت کی تھی جب علامہ اقبالؒ کانفرنس میں شرکت کے لئے جارہے تھے تو کس اخبار کے نمائندے کے اس سوال پر کہ آپ کیا خاص بات لے کر شریک ہورہے تھے علامہ اقبالؒ نے کہا تھا: ''میرے پاس کچھ اور نہیں ہے لیکن قرآن ہے میں اسی کو پیش کروں گا''؟

1. ڈان کے نمائندے
2. معارف کے نمائندے
3. مخزن کے نمائندے
4. ہندوستان ٹائمز کے نمائندے

س13 دوسری گول میز کانفرنس کی کتنی کمیٹیاں تھیں؟

1. دو
2. تین
3. پانچ
4. چھ

س14 دوسری گول میز کانفرنس میں کانگریس کے تنہا اور واحد نمائندے کی حیثیت سے کس نے شرکت کی؟

1. علامہ اقبالؒ
2. پنڈت جواہر لال
3. قائداعظمؒ
4. مہاتما گاندھی

س15 علامہ اقبالؒ کو آل انڈیا مسلم لیگ کا صدر کب منتخب کیا گیا؟

1. 1928ء
2. 1929ء
3. 1932ء
4. 1934ء

س16 تیسری گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی؟

1. 1929ء
2. 1931ء
3. 1932ء
4. 1933ء

س17: اس کانفرنس کے انعقاد کے موقع پر وائسرائے نے مسلمان مندوبین کی جو فہرست منظوری کے لئے وزیر ہند کو لندن بھیجی تھی ان میں سے وزیر ہند نے کون سے دو نام منظور کرنے سے انکار کر دیا تھا؟

1. علامہ اقبالؒ اور قائداعظمؒ
2. علامہ اقبالؒ اور مولانا ظفر علی خان
3. علامہ اقبالؒ اور لیاقت علی خاں
4. قائداعظمؒ اور لیاقت علی خان

س18: کیا آپ اس وزیر ہند کا نام بتا سکتے ہیں جس نے کانفرنس کے انعقاد کے موقع پر دو نام منظور کرنے سے انکار کر دیا تھا؟

1. لارڈ منٹو
2. لارڈ ریڈنگ
3. مہاتما گاندھی
4. سر سیموئل ہور

س19: کب آپ اس کانفرنس میں شرکت کے لئے لاہور سے یورپ روانہ ہوئے؟

1. 2 اگست 1928ء
2. 10 دسمبر 1929ء
3. 17 اکتوبر 1932ء
4. 11 جولائی 1933ء

س20: علامہ اقبالؒ اور قائداعظمؒ کی پہلی ملاقات کہاں ہوئی؟

1. لندن
2. لاہور
3. سیالکوٹ
4. کراچی

س21: علامہ اقبالؒ نے کب قائداعظمؒ کو پہلا خط لکھا تھا؟

1. 7 اپریل 1929ء
2. 9 نومبر 1931ء
3. 23 مئی 1936ء
4. 11 مارچ 1937ء

س22: علامہ اقبالؒ قائداعظمؒ سے کتنے چھوٹے تھے؟

1. 5 ماہ
2. 10 ماہ 14 دن
3. 11 ماہ 8 دن
4. 12 ماہ

س23: علامہ اقبالؒ کب پنجاب مسلم لیگ کے صدر منتخب ہوئے؟

1. 1930ء
2. 1932ء
3. 1935ء
4. 1936ء

س24 علامہ اقبالؒ اپریل 1920ء سے 1924ء تک انجمن حمایت اسلام لاہور کے جنرل سیکرٹری رہے آپؒ کب صدر بنے؟

(1) 21 مئی 1934ء
(2) 23 مئی 1934ء
(3) 27 مئی 1934ء
(4) 30 مئی 1936ء

س25 علامہ اقبالؒ موتمر اسلامی کے صدر کب منتخب ہوئے تھے؟

(1) نومبر 1927ء
(2) مارچ 1928ء
(3) جون 1930ء
(4) دسمبر 1931ء

س26 تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت سے پہلے علامہ اقبالؒ نے سید امجد علی سے کس خواہش کا اظہار کیا تھا؟

(1) لندن میں رہنے کی
(2) لاہور جانے کی
(3) اپنے شہر سیالکوٹ جانے کی
(4) پیرس میں قیام کرنے کی

س27 منشورات اقبالؒ میں کل کتنی تقاریر ہیں؟

(1) 10 تقاریر
(2) 14 تقاریر
(3) 20 تقاریر
(4) 22 تقاریر

س28 دہلی کے افغان کونسل خانہ میں علامہ اقبالؒ نے قائداعظمؒ کو ملنے کی دعوت کب دی تھی؟

(1) اگست 1927ء
(2) اکتوبر 1929ء
(3) جولائی 1933ء
(4) مارچ 1937ء

س29 علامہ اقبالؒ کو دوسری گول میز کانفرنس کا دعوت نامہ ملا تو اس وقت برطانیہ کے وزیراعظم کون تھے؟

(1) شیلڈ میکڈونف
(2) ای ایم فاسٹر
(3) ریمزے میکڈانلڈ
(4) مسٹر ہربرٹ ریڈ

س30 اپنی پہلی طویل نظم علامہ اقبالؒ نے کہاں پڑھی؟

(1) کراچی
(2) سیالکوٹ
(3) لاہور
(4) پشاور

س31 چیف کورٹ میں وکالت کے لئے اقبالؒ کی درخواست کب منظور ہوئی؟

(1) 22 اکتوبر 1908ء
(2) 9 نومبر 1913ء
(3) 30 مارچ 1915ء
(4) 4 جولائی 1917ء

س32 موتمر اسلامی میں شرکت کے بعد علامہ اقبالؒ کس تاریخ کو واپس ہندوستان پہنچے تھے؟

(1) 6 ستمبر 1925ء
(2) 11 اپریل 1928ء
(3) 6 مئی 1930ء
(4) 28 دسمبر 1931ء

س33 علامہ اقبالؒ کی مرتب کردہ کتاب "تاریخ ہند" کس سن کے نصاب میں شامل کی گئی تھی؟

(1) 1910ء
(2) 1913ء
(3) 1931ء
(4) 1947ء

س34 لالہ رام پرشاد کے تعاون سے اقبالؒ نے کون سی کتاب مرتب کی تھی؟

(1) علم الاقتصاد
(2) جاوید نامہ
(3) تاریخ ہند
(4) ضرب کلیم

س35 علامہ اقبالؒ کے لئے کس تاریخ تک دوسری گول میز کانفرنس میں پہنچنا لازمی قرار دیا گیا تھا؟

(1) 12 نومبر 1930ء
(2) 22 ستمبر 1931ء
(3) 17 نومبر 1932ء
(4) 9 مارچ 1933ء

س36 علامہ اقبالؒ سب سے بھوپال کب گئے تھے؟

(1) 9 مئی 1931ء
(2) 3 جون 1933ء
(3) 11 جولائی 1935ء
(4) 9 نومبر 1937ء

س37 قائداعظمؒ اور علامہ اقبالؒ میں کیا چیز پہلے اختلاف اور پھر ملاپ کا سبب بنی تھی؟

(1) جُداگانہ
(2) اردو زبان
(3) گجراتی زبان
(4) نہرو رپورٹ

س38 علامہ اقبالؒ نے نہرو رپورٹ کے متعلق ایسوسی ایٹڈ پریس کو اپنا بیان کب دیا تھا؟

(1) 16 اکتوبر 1926ء
(2) 20 اگست 1928ء
(3) 9 مئی 1931ء
(4) 17 نومبر 1932ء

س39 نہرو رپورٹ کے حامی صرف "ایک مختصر سی ٹولی" پر مشتمل ہیں یہ الفاظ علامہ اقبالؒ نے کب کہے تھے؟

(1) 6 جون 1925ء (2) 11 اکتوبر 1927ء

(3) 17 اپریل 1929ء (4) 9 ستمبر 1931ء

س40 علامہ اقبالؒ اور قائداعظمؒ میں سیاسی اختلاف کتنے عرصے تک رہے؟

(1) 1927ء تا 1929ء (2) 1926ء تا 1931ء

(3) 1929ء تا 1931ء (4) 1933ء تا 1934ء

س41 "فلسطین کانفرنس کی صدارت سے کمر درد کی بنا پر مجبور ہوں حالانکہ مجھے مسئلہ فلسطین سے بے حد دلچسپی ہے" اپنے خط میں یہ بات علامہؒ نے کسے لکھی تھی؟

(1) قائداعظمؒ (2) چوہدری رحمت علی

(3) مولوی عبدالحق (4) اکبرالہ آبادی

س42 19 اکتوبر 1931ء کو لندن میں تقریر کرتے ہوئے علامہ اقبالؒ نے برطانوی حکومت سے کیا مطالبہ کیا تھا؟

(1) فلسطین میں یہودیوں کے داخلے کو ممنوع

(2) اہل فلسطین کے ساتھ انصاف

(3) فلسطین کی آزادی (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

س43 یکم دسمبر کو اقبالؒ کس کانفرنس میں شرکت سے فارغ ہوئے تھے؟

(1) پہلی گول میز کانفرنس (2) دوسری گول میز کانفرنس

(3) تیسری گول میز کانفرنس (4) آل انڈیا مسلم کانفرنس

س44 بانی پاکستان قائداعظمؒ کو کہتے ہیں بتایئے علامہ اقبالؒ کو کیا کہتے ہیں؟

(1) شاعر مشرق (2) مفکر پاکستان

(3) حکیم الامت (4) مصور پاکستان

دوسری گول میز کانفرنس میں ایک ہفتہ کے لئے اپنا سفر علامہ اقبالؒ نے اپنے کس معالج کے مشورے سے ملتوی کر دیا تھا؟

(1) ڈاکٹر یار محمد (2) ڈاکٹر ضیاالدین سجادی

(3) ڈاکٹر علی نہاد تارلان (4) ڈاکٹر علی رمائی

الٹراوائلٹ بنفشی شعاعوں سے علاج کے لیے اقبالؒ بھوپال کب گئے تھے؟

(1) 19 اکتوبر 1931ء (2) 6 اپریل 1933ء

(3) 31 جنوری 1935ء (4) 6 اگست 1937ء

13 اپریل 1904ء کو انجمن حمایت اسلام لاہور کے انیسویں سالانہ اجلاس میں علامہ اقبالؒ نے اپنی کون سی نظم پڑھ کر سنائی تھی جس کے ایک شعر پر مولانا حالی نے بہت خوش ہو کر انجمن کو دس روپے کا نوٹ عطا فرمایا تھا؟

(1) نالہ یتیم (2) ہالہ

(3) شمع اور بچہ (4) تصویر درد

علامہ اقبالؒ نے 24 فروری کو بعد نماز عصر کس انجمن کے پندرھویں سالانہ اجلاس میں اپنی نظم نالہ یتیم پڑھی تھی؟

(1) تقریرا انجمن ادبی کامل (2) انجمن حمایت اسلام

(3) تحریک انجمن کارکنانِ پاکستان (4) انجمن آرائیں

انجمن حمایت اسلام کے پندرھویں سالانہ اجلاس میں علامہ اقبالؒ نے اپنی نظم نالہ یتیم پڑھی تھی اُس کی صدارت کس شخصیت نے فرمائی تھی؟

(1) مولانا حالی (2) مولانا علی جوہر

(3) مولانا نذیر احمد (4) مولانا ظفر علی خان

علامہ اقبالؒ انجمن حمایت اسلام کے کب تک جنرل سیکرٹری رہے؟

(1) 1920ء سے 1924ء (2) 1919ء سے 1925ء

(3) 1923ء سے 1924ء (4) 1921ء سے 1924ء

س51 اُردو کے مشہور شاعر مولانا الطاف حسین حالیؔ نے اپنے بڑھاپے کی وجہ سے انجمن حمایت اسلام لاہور کے جلسے میں اپنے کلام کو کس سے پڑھوایا تھا؟

① مولانا نذیر احمد ② مولانا ظفر علی خان

③ مولوی عبدالحق ④ علامہ اقبالؒ

س52 علامہ اقبالؒ انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ اجلاس میں آخری بار کب شریک ہوئے؟

① 1930ء ② 1932ء

③ 1933ء ④ 1935ء

س53 ''متحدہ اسٹیج بناؤ'' کے عنوان سے علامہ اقبالؒ نے اپنی تقریر جس میں انہوں نے گول میز کانفرنس کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا کب کی تھی؟

① 6 اگست 1927ء ② 29 دسمبر 1929ء

③ 9 مارچ 1931ء ④ 12 اپریل 1933ء

س54 آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا منعقدہ دسمبر **1908**ء امرتسر میں نواب سلیم کو فارسی میں سپاس نامہ کس نے پیش کیا تھا؟

① قائداعظمؒ ② سر سید احمد خان

③ علامہ اقبالؒ ④ لیاقت علی خاں

س55 علامہ اقبالؒ کے مشورے سے پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا قیام عمل میں آنے پر اس کے پہلے صدر کون تھے؟

① مولانا ظفر علی خان ② مولانا نذیر احمد

③ مولوی عبدالحق ④ حمید نظامی

س56 اقبالؒ کا ایک مضمون ''اسلام اینڈ طاقت'' کہاں سے شائع ہوا تھا؟

① لندن ② لاہور

③ سیالکوٹ ④ ن

س57 آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس میں علامہ اقبالؒ کو کس خطاب سے نوازا گیا تھا؟

① شاعر مشرق ② امام العصر

③ ترجمان حقیقت ④ حکیم الامت

س58 چھ ہزار کا چیک سفر اسپین کے لئے علامہ اقبال کو کس نے دیا تھا؟
(1) قائداعظمؒ (2) نواب بھوپال
(3) مولانا حالی (4) مولوی عبدالحق

س59 22 فروری 1906ء کو گورنر صوبہ پنجاب سر میگور تھ ینگ کے سامنے علامہ اقبالؒ نے اپنی کون سی نظم پڑھی تھی؟
(1) نالہ یتیم (2) ہالہ
(3) تصویر درد (4) خیر مقدم

س60 علامہ اقبالؒ نے اسلامیات پر مدراس میں لیکچر کب دیئے تھے؟
(1) 1928ء (2) 1929ء
(3) 1930ء (4) 1933ء

س61 پہلی بار اقبالؒ کشمیر کس سلسلے میں گئے تھے؟
(1) تعلیم کے سلسلے میں (2) اجلاس میں شرکت کے لئے
(3) مقدموں کی پیروی کے سلسلے میں (4) ملازمت کے سلسلے میں

س62 اس انجمن کا نام بتائیں جس کے علامہ اقبالؒ شروع میں سیکرٹری پھر صدر مقرر ہوئے اور آخر میں شدید علالت کے باعث انجمن کی صدارت سے مستعفی ہو گئے تھے؟
(1) انجمن آرائیں (2) تحریک انجمن کارکنانِ پاکستان
(3) انجمن حمایت اسلام (4) تقریراً انجمن ادبی کامل

س63 علامہ اقبالؒ نے کس سن میں انٹرنیشنل پاسپورٹ کے لئے درخواست دی تھی؟
(1) 1929ء (2) 1931ء
(3) 1932ء (4) 1935ء

س64 وکالت کے زمانے میں اقبالؒ کے منشی کون تھے؟
(1) منشی طاہر الدین (2) منشی سعادت علی
(3) منشی حسن علی (4) منشی امتیاز حسین

س65 مدراس مسلم ایسوسی ایشن کے بانی سیٹھ محمد جمال کی دعوت پر علامہ اقبالؒ کب مدراس تشریف لے گئے تھے؟
(1) اپریل 1925ء (2) اگست 1928ء
(3) دسمبر 1928ء (4) نومبر 1929ء

س66 علامہ اقبالؒ نے انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ اجلاس منعقدہ میں کل کتنی نظمیں پڑھی تھیں؟

(1) ایک (2) تین

(3) پانچ (4) چھ

س67 پنجاب مقننہ میں ایک رکن کی حیثیت سے اقبالؒ نے کب تقریر کی تھی؟

(1) 9مارچ1919ء (2) 13جولائی1923ء

(3) 6ستمبر1925ء (4) 23فروری1928ء

س68 علامہ اقبالؒ نے پنجاب کی مقننہ میں ایک رکن کی حیثیت سے کس مسئلہ پر دلچسپ اور معنی خیز تقریر کی تھی؟

(1) مسئلہ لگان (2) مسئلہ کشمیر

(3) مسئلہ مخلوط انتخاب (4) مسئلہ فلسطین

س69 آل انڈیا مسلم کشمیری کانفرنس کے پہلے جنرل سیکرٹری کون تھے؟

(1) حمید نظامی (2) مولوی عبدالحق

(3) علامہ اقبالؒ (4) لیاقت علی خان

س70 مولانا علی جوہر کی قبر پر علامہ اقبالؒ نے کب فاتحہ پڑھی تھی؟

(1) 1929ء (2) 1930ء

(3) 1932ء (4) 1935ء

س71 علامہ اقبالؒ کشمیر کب تشریف لے گئے تھے؟

(1) جون1921ء (2) اگست1923ء

(3) اپریل1924ء (4) نومبر1937ء

س72 علامہ اقبالؒ مہاراجہ پرتاب سنگھ والئی کشمیر کے پاس کب وفد لے کر کشمیر ہاؤس گئے تھے؟

(1) 1908ء (2) 1910ء

(3) 1913ء (4) 1921ء

س73 کشمیر سے واپس لاہور علامہ اقبالؒ کب تشریف لائے؟

(1) اپریل1912ء (2) جولائی1913ء

(3) اگست1917ء (4) جولائی1921ء

س74 علامہ اقبالؒ دوسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے بعد کس تاریخ کو اٹلی کے لئے روانہ ہوئے تھے؟

(1) 21 جولائی 1929ء (2) 6 اگست 1930ء

(3) 20 نومبر 1931ء (4) 3 جنوری 1933ء

س75 اقبال نے کاکرس گارڈن مدراس میں انجمن خواتین اسرام مدراس کی تقریب میں شرکت کب فرمائی تھی؟

(1) 7 جنوری 1929ء (2) 6 جون 1930ء

(3) 11 اگست 1932ء (4) 30 جولائی 1934ء

س76 7 ستمبر تا یکم دسمبر 1931ء تک اقبالؒ لندن کی کس کانفرنس میں شریک رہے؟

(1) پہلی گول میز کانفرنس (2) دوسری گول میز کانفرنس

(3) تیسری گول میز کانفرنس (4) آل انڈیا مسلم لیگ کانفرنس

س77 1933ء میں اقبالؒ کی کس مشہور شخصیت سے ملاقات ہوئی تھی؟

(1) قائداعظمؒ (2) مولانا الطاف حسین حالی

(3) مولوی عبدالحق (4) میسولینی

س78 علامہ اقبالؒ نے اپنی عملی سیاسی زندگی کا آغاز کس سن میں کیا؟

(1) 1919ء (2) 1921ء

(3) 1923ء (4) 1926ء

س79 اقبالؒ و جناحؒ کشمکش کا آغاز کس سن میں ہوا تھا؟

(1) 1916ء (2) 1919ء

(3) 1926ء (4) 1928ء

س80 علامہ اقبالؒ اور قائداعظمؒ کا براہ راست سیاسی تصادم کب ہوا؟

(1) 1927ء (2) 1929ء

(3) 1931ء (4) 1933ء

س81 علامہ اقبالؒ میسولینی کی کس چیز سے متاثر ہوئے تھے؟

(1) اخلاق سے (2) خوبصورتی سے

(3) تعلیم سے (4) آنکھوں کی چمک سے

س82 علامہ اقبالؒ نے کس مسودہ تعلیم کی بھرپور حمایت کی تھی؟

(1) میسولینی کے مسودہ تعلیم کی (2) قائداعظمؒ مسودہ تعلیم کی

(3) گوکھلے کے مسودہ تعلیم کی (4) نواب بھوپال مسودہ تعلیم کی

س83 علامہ اقبالؒ نے اپنی نظم بلاد اسلامیہ کا وہ ٹکڑا جس کا تعلق مدینہ منورہ سے ہے ترنم کے ساتھ کب سنایا تھا؟

(1) 1911ء (2) 1913ء

(3) 1917ء (4) 1919ء

س84 علامہ اقبالؒ اور قائداعظم میں کون سا مسئلہ اختلاف اور دوری کا پہلا سبب بنا؟

(1) مسئلہ فلسطین (2) مسئلہ لگان

(3) مسئلہ کشمیر (4) جداگانہ طریقہ انتخاب

س85 8 نومبر 1927ء کو سائمن کمیشن سے پنجاب کی جس واحد جماعت نے تعاون کیا تھا اس کے جنرل سیکرٹری کون تھے؟

(1) لیاقت علی خان (2) علامہ اقبالؒ

(3) حمید نظامی (4) سر آغا خان

س86 قائداعظم اور علامہ اقبالؒ میں اختلاف کا پہلا سبب جداگانہ طریقہ انتخاب تھا دوسرا سبب بتائیں؟

(1) گلانسی کمیشن (2) سائمن کمیشن

(3) مسئلہ لگان (4) مسئلہ فلسطین

س87 علامہ اقبالؒ نے سائمن کمیشن میں ہندوستانیوں کی عدم شرکت کو ایک غلطی اپنے کس بیان میں کہا تھا؟

(1) 6 اگست 1913ء (2) 3 جون 1917ء

(3) 6 ستمبر 1923ء (4) 9 نومبر 1927ء

88. 19 دسمبر 1927ء کے بیان میں علامہ اقبالؒ نے قائداعظمؒ کو کیا خطاب دیا تھا؟

① سر کا خطاب ② بانی پاکستان کا خطاب

③ چیف ایکٹر ④ بابائے قوم

89. اقبالؒ پنجاب کونسل کے انتخاب میں ممبر کب منتخب ہوئے؟

① 1917ء ② 1919ء

③ 1926ء ④ 1929ء

90. اقبالؒ تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے لئے انگلستان کب گئے تھے؟

① 1932ء ② 1933ء

③ 1934ء ④ 1936ء

91. علامہ اقبالؒ نے اسپین کا دورہ کب کیا تھا؟

① 1927ء ② 1929ء

③ 1930ء ④ 1932ء

92. مسجد قرطبہ میں مسلمانوں کے زوال کے سات سو سال بعد پہلی اذان کس نے دی تھی؟

① مولانا ظفر علی خان ② علامہ اقبالؒ

③ قائداعظمؒ ④ مولوی عبدالحق

93. علامہ اقبالؒ نے مسجد قرطبہ میں نماز کب پڑھی تھی؟

① 1925ء ② 1929ء

③ 1932ء ④ 1937ء

94. الہ آباد کے کس اجلاس کے دوسرے دن کی صدارت سے علامہ اقبالؒ کو تقریباً ایک گھنٹے بعد ہی کہیں جانا پڑا؟

① 1928ء ② 1930ء

③ 1931ء ④ 1933ء

95. نواب محمد اسماعیل نے الہ آباد میں مسلم لیگ کے اجلاس کی صدارت کب سنبھالی تھی؟

① 1930ء ② 1931ء

③ 1933ء ④ 1935ء

س 96 علامہ اقبالؒ نے بیرسٹری کا آغاز کہاں سے کیا تھا؟

(1) لندن (2) سیالکوٹ

(3) پٹنہ (4) لاہور

س 97 اقبالؒ نے موچی دروازے کے باغ میں ایک جلسہ عام میں اپنی نظم جواب شکوہ کب سنائی تھی؟

(1) 1909ء (2) 1914ء

(3) 1917ء (4) 1919ء

س 98 1914ء میں جنگ بلقان کے دوران موچی دروازہ کے باغ کے اندر علامہ اقبالؒ نے اپنی کون سی نظم سنائی تھی؟

(1) شکوہ (2) جواب شکوہ

(3) تصویر پردرد (4) نالہ یتیم

س 99 علامہ اقبالؒ روڈ لاہور کا اصل نام کیا ہے؟

(1) اُردو بازار روڈ (2) بندر روڈ

(3) میو روڈ (4) ہال روڈ

س 100 علامہ اقبالؒ نے اپنی کون سی طویل نظم انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ اجلاس منعقدہ 1912ء میں دو نشستوں میں پڑھ کر سنائی تھی؟

(1) شمع اور شاعر (2) بچہ اور شمع

(3) شکوہ (4) والدہ مرحومہ کی یاد میں

س 101 1912ء کے انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ جلسے کی صدارت کس نے کی تھی؟

(1) لیاقت علی خان (2) مولانا ظفر علی خان

(3) مولوی عبدالحق (4) فقیر سید افتخار الدین

س 102 انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ اجلاس میں علامہ اقبالؒ نے اپنی نظم شمع اور شاعر دو نشستوں میں سنائی تھی بتائیے اس اجلاس کی دوسری نشست کی صدارت کس نے فرمائی؟

(1) فقیر سید افتخار حسین (2) مرزا سلطان احمد

(3) مولانا حالیؔ (4) مولوی عبدالحق

سوال: مشہور مسلم مورخ محمود بنگلوری سے اقبالؒ کی ملاقات کب ہوئی تھی؟

1. جنوری 1919ء
2. جنوری 1925ء
3. جنوری 1929ء
4. جنوری 1933ء

سوال: علامہ اقبالؒ نے 1931ء میں کس کی درخواست پر انگلستان کی علمی وادبی انجمن انڈیا سوسائٹی کی نائب صدارت قبول فرمائی تھی؟

1. سر فرانسس ینگ ہنر بینڈ
2. سروجنی نائیڈو
3. ای ایم فاسٹر
4. شیلڈ میکڈونف

سوال: اقبالؒ کے مجوزہ اسلامی ادارے کے لئے پہلے کہاں زمین منتخب کی گئی تھی؟

1. سیالکوٹ
2. کراچی
3. لاہور
4. بہاولپور

سوال: علامہ اقبالؒ کے مجوزہ اسلامی ادارے کے لئے پٹھانکوٹ سے کس نے زمین وقف کرنے اور اخراجات اٹھانے کا ذمہ لیا تھا؟

1. قائداعظمؒ
2. چوہدری نیاز علی
3. لیاقت علی خان
4. چوہدری رحمت علی

سوال: مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم کو حیدرآباد سے پٹھان کوٹ کس کے مشورے سے بلایا گیا تھا؟

1. چوہدری نیاز علی
2. قائداعظمؒ
3. علامہ اقبالؒ
4. مولانا ظفر علی خان

سوال: اقبال نے پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کو کس شخص سے ملنے کا مشورہ دیا تھا؟

1. قائداعظم
2. لیاقت علی خان
3. سرسید احمد خان
4. نواب سر شاہنواز

سوال: علامہ اقبالؒ کس سن میں پنجاب کونسل کے لئے انتخابات لڑنے کے لئے آمادہ ہوئے تھے؟

1. 1923ء
2. 1925ء
3. 1927ء
4. 1931ء

سوال: پنجاب کونسل کے انتخابات کے لئے لاہور کے حلقہ سے اقبالؒ کے مدمقابل کس کی امیدواری کا اعلان ہو چکا تھا؟

1. نواب محمد اسماعیل
2. حمید نظامی
3. ملک محمد حسین
4. میاں عبدالعزیز

س111 اقبالؒ نے میاں عبدالعزیز کے مقابلے میں کھڑا ہونا مناسب نہ سمجھتے ہوئے کب پنجاب کونسل کا انتخاب لڑنے سے دستبردار ہوئے تھے؟

(1) 1919ء (2) 1923ء

(3) 1925ء (4) 1927ء

س112 دوقومی نظریے کی وضاحت اقبالؒ نے کب کی تھی؟

(1) 1909ء (2) 1912ء

(3) 1915ء (4) 1917ء

س113 پنجاب کونسل کے انتخابات کے لئے علامہ اقبالؒ کب امیدوار ہوئے؟

(1) 1913ء (2) 1919ء

(3) 1926ء (4) 1930ء

س114 پنجاب کونسل کے انتخاب حلقہ لاہور سے 1926ء میں اقبالؒ کے مدمقابل کتنے دوسرے امیدوار تھے؟

(1) دو (2) چار

(3) سات (4) نو

س115 علامہ اقبالؒ اور ملک محمد دین کا پنجاب کونسل کا انتخاب حلقہ لاہور سے کب ہوا تھا؟

(1) 1919ء (2) 1923ء

(3) 1926ء (4) 1929ء

س116 پنجاب کونسل کے لئے لاہور کے جس حلقہ سے 1926ء میں علامہ اقبالؒ کھڑے ہوئے تھے اس حلقے میں ووٹروں کی کل تعداد کیا تھی؟

(1) پانچ ہزار (2) سات ہزار

(3) نو ہزار (4) بارہ ہزار

س117 پنجاب کونسل کا انتخاب جو اقبالؒ اور ملک محمد دین کے درمیان تھا کتنے فیصد ووٹروں نے ووٹ ڈالے تھے؟

(1) 50فی صد (2) 68فی صد

(3) 71فی صد (4) 100فی صد

اقبالؒ کے حریف ملک محمد دین نے پنجاب کے لاہور حلقے سے 1926ء کے انتخاب میں کتنے کتنے ووٹ حاصل کیے تھے؟

① 1000 ووٹ ② 1503 ووٹ

③ 2221 ووٹ ④ 2498 ووٹ

پنجاب کونسل کا 1926ء کا انتخاب علامہ اقبالؒ نے کتنے ووٹوں کی اکثریت سے جیتا تھا؟

① 3000 ووٹوں سے ② 3200 ووٹوں سے

③ 3535 ووٹوں سے ④ 3837 ووٹوں سے

علامہ اقبالؒ نے 1928ء کے آخر اور 1929ء کے شروع میں اپنے چھ خطبے کس یونیورسٹی میں دیئے تھے؟

① علی گڑھ یونیورسٹی ② پنجاب یونیورسٹی

③ مدراس یونیورسٹی ④ پشاور یونیورسٹی

علامہ اقبالؒ اور تحریک پاکستان

س1 قائداعظمؒ نے اپنے کس خط میں علامہ اقبالؒ کو مسلم لیگ کا اجلاس دہلی کے بجائے لاہور میں بلانے کے لئے رسمی دعوت نامہ بھیجنے کے لئے لکھا تھا؟

1. 9 نومبر 1929ء
2. 11 اپریل 1933ء
3. 6 اگست 1935ء
4. 2 مارچ 1938ء

س2 قائداعظمؒ کے خط کا جواب علامہ اقبالؒ نے کس سے لکھوا کر قائد کو بھیجا تھا؟

1. نبی بخش
2. غلام رسول
3. مولوی عبدالحق
4. حمید نظامی

س3 جب قائداعظمؒ نے آل انڈیا مسلم لیگ مرکزی پارلیمانی بورڈ کے اراکین کے ناموں کا اعلان کیا تو پنجاب سے سرفہرست کس کا نام تھا؟

1. حمید نظامی
2. لیاقت علی خان
3. علامہ اقبالؒ
4. مولانا ظفر علی خان

س4 علامہ اقبالؒ نے قائداعظمؒ کے نام اپنے کس خط میں پنڈت جواہر لال نہرو کے 19 مارچ 1937ء کے آل انڈیا کنونشن کا ذکر کیا تھا؟

1. 20 مارچ 1937ء
2. 23 مارچ 1937ء
3. 27 مارچ 1937ء
4. 31 مارچ 1937ء

س5 پنجاب پراونشل مسلم لیگ کے اجلاس میں علامہؒ نے دہلی تجاویز کے متعلق قرارداد کب پیش کی تھی؟

1. یکم مئی 1927ء
2. 3 جون 1930ء
3. 15 جولائی 1931ء
4. 16 اگست 1933ء

علامہ اقبالؒ نے پنجاب پراونشل مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری کی ذمہ داریاں کب سنبھالیں؟

(1) 6 جنوری 1927ء (2) 11 جنوری 1927ء

(3) 17 جنوری 1927ء (4) 20 جنوری 1927ء

پانچ صوبوں میں مسلم حکومتوں کے قیام اور بلوچستان میں اصلاحات کے نفاذ پر علامہ اقبالؒ نے قائداعظمؒ پر کب زور دیا تھا؟

(1) 3 جون 1929ء (2) 6 ستمبر 1933ء

(3) 3 اکتوبر 1937ء (4) 4 مارچ 1938ء

آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے دہلی اجلاس میں قائداعظمؒ کی زیر صدارت اقبال کے لئے تعزیتی قرارداد کب منظور کی گئی تھی؟

(1) 2 دسمبر 1938ء (2) 4 دسمبر 1938ء

(3) 7 دسمبر 1938ء (4) 30 دسمبر 1938ء

علامہ اقبال نے اپنے کس خط میں قائداعظمؒ پر ایک بار پھر آل انڈیا مسلم کنونشن کے انعقاد کے لئے زور دیا تھا؟

(1) 10 اگست 1935ء (2) 4 جنوری 1936ء

(3) 22 اپریل 1937ء (4) 6 فروری 1938ء

علامہ اقبالؒ نے اپنا سب سے اہم خط کب لکھا تھا جس میں انہوں نے قائداعظمؒ سے مسلم لیگ کو عوامی جماعت بنانے پر زور دیا تھا؟

(1) 8 مئی 1937ء (2) 15 مئی 1937ء

(3) 21 مئی 1937ء (4) 28 مئی 1937ء

"اگر لیگ مسئلہ فلسطین کے متعلق کوئی اقدام اٹھائے تو اس سے عوام کو لیگ کے نزدیک آنے میں بہت مدد ملے گی۔" علامہ اقبالؒ 17 اکتوبر 1937ء کو اپنے خط میں یہ بات کسے لکھی تھی؟

(1) قائداعظمؒ (2) لیاقت علی خان

(3) سر آغا خان (4) سر سید احمد خان

س12 15 ستمبر کو مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں قائداعظمؒ نے کس عظیم شخصیت کے پیش کردہ نکات کے مدنظر اجلاس میں ان پر تفصیلی روشنی ڈالی تھی؟

1 میسولینی
2 گوکھلے
3 نواب بھوپال
4 علامہ اقبالؒ

س13 قائداعظمؒ نے علامہ اقبالؒ کو کیا نام دیا تھا؟

1 شاعرِ مشرق
2 سر
3 پریکٹیکل پالی ٹیشن
4 مفکرِ پاکستان

س14 آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس میں منعقدہ آلہ آباد میں انگریزی خطبہ صدارت کا خلاصہ اُردو میں کس نے مجمع کے سامنے پیش کیا تھا؟

1 سید عابد علی عابد
2 محمد یعقوب
3 نعیم صدیقی
4 شیر علی خان سرخوش

س15 ''1929ہی سے میرے اور اقبالؒ کے خیالات میں یکسانیت اور ہم آہنگی پیدا ہو چکی تھی'' قائداعظمؒ نے یہ الفاظ اپنے خط میں کسے لکھے تھے؟

1 انعام اللہ خان
2 لیاقت علی خان
3 مولانا حالی
4 سر سید احمد خان

س16 قائداعظمؒ اور اقبالؒ کی بیرون ملک کہاں ملاقات ہوئی تھی؟

1 افغانستان
2 فلسطین
3 جرمنی
4 لندن

س17 ''شریعت اسلام کا نفاذ اس ملک میں ناممکن ہے جب تک مسلمانوں کی آزاد مملکت نہ ہو۔'' یہ الفاظ علامہ اقبالؒ نے کس شخصیت کو لکھے تھے؟

1 قائداعظمؒ
2 سر آغا خان
3 مولانا حالی
4 حمید نظامی

س18 علامہ اقبالؒ نے قائداعظمؒ کو پہلا خط کب لکھا تھا؟

1 3 جون 1911ء
2 11 اپریل 1923ء
3 23 مئی 1936ء
4 14 اگست 1937ء

"میرے پاس کوئی سلطنت ہوتی اور مجھ سے کہا جاتا کہ اقبالؒ اور سلطنت میں سے کسی ایک کو چُن لو تو میں اقبالؒ کو چُنتا" علامہ اقبالؒ کے لئے یہ بات کس نے کہی تھی؟

(1) قائداعظمؒ (2) مولانا سید میر حسن

(3) بیگم عطیہ فیضی (4) پروفیسر آرنلڈ

آل انڈیا مسلم لیگ کا اکیسواں اجلاس جس کی صدارت علامہ اقبالؒ نے فرمائی تھی وہ کس سن میں منعقد ہوا تھا؟

(1) 1919ء (2) 1930ء

(3) 1932ء (4) 1933ء

علامہ اقبالؒ نے جس آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس سے خطاب کیا تھا وہ کس سال منعقد ہوا تھا؟

(1) 1927ء (2) 1930ء

(3) 1931ء (4) 1933ء

"میں آپ کے مشن کی کامیابی کے لئے اپنی زندگی کا آخری قطرہ خون کا نچوڑ دوں گا" اقبالؒ نے یہ الفاظ کس سے کہے تھے؟

(1) مولانا حالی (2) سر آغا خان

(3) لیاقت علی خان (4) قائداعظمؒ

کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ عظیم شخصیت کون تھی جس نے قومی بنیادوں پر ہندوستان کی تجویز پیش کی تھی؟

(1) قائداعظمؒ (2) علامہ اقبالؒ

(3) سرسید احمد خان (4) لیاقت علی خان

کس سن میں علامہ اقبالؒ قائداعظمؒ کے حامی و مشیر بن گئے تھے؟

(1) 1929ء (2) 1930ء

(3) 1935ء (4) 1937ء

علامہ اقبالؒ نے اپنے کس خط میں سندھ میں قرآن مجید کے نذرِ آتش کیے جانے کے متعلق لکھا تھا؟

(1) 21 جون 1937ء (2) 3 اپریل 1937ء

(3) 11 اگست 1937ء (4) 15 جولائی 1937ء

سید امیر علی کی صدارت میں ویسٹ منسٹر لندن کے کیکسٹن ہال میں مسلمانان ہند کے اس اجلاس کی تاریخ بتائیں جس میں علامہ اقبالؒ مجلس عاملہ کے رکن چنے گئے تھے؟

① مئی 1908ء ② اپریل 1913ء

③ جولائی 1921ء ④ اگست 1933ء

جس اجلاس میں مسلم لیگ کے آئین میں ترمیم اور نظر ثانی کے لئے ایک کمیٹی ترتیب دی گئی تھی اس کی صدارت کس نے کی تھی؟

① قائداعظمؒ ② علامہ اقبالؒ

③ مولانا مظہرالحق ④ سید جالب دہلوی

"وہ میرے ایک دوست رہنما اور فلسفی تھے اور ان تاریک ترین لمحوں میں بھی جن میں مسلم لیگ کو گزرنا پڑا وہ ایک چٹان کی مانند جمے رہے اور ایک لمحے کے لئے بھی اس موقف سے نہیں ہٹے" علامہ اقبال کے بارے میں یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

① مولانا مظہرالحق ② لیاقت علی خاں

③ قائداعظمؒ ④ مولانا حالی

قائداعظمؒ نے کس کتاب کے پیش لفظ کے آخر میں قرارداد پاکستان 23 مارچ 1940ء کا ذکر کیا ہے؟

① اقبالؒ کی زندگی کے سیاسی پہلو ② اقبالؒ اور قائداعظمؒ

③ اقبالؒ کے خطوط جناح کے نام ④ ذِکرِ اقبالؒ

مارچ 1931ء میں الہ آباد میں مسلم کانفرنس کا خطبہ صدارت کس نے پڑھا تھا؟

① علامہ اقبالؒ ② قائداعظمؒ

③ مولانا ظفر علی خان ④ لیاقت علی خان

علامہ اقبالؒ کی تائید وحمایت حاصل کرنے کے لئے ڈاکٹر عبدالسّلام خورشید، حمید نظامی اور عمادالدین احمد "جاوید منزل" کب پہنچے تھے؟

① جون 1929ء ② اپریل 1932ء

③ جولائی 1934ء ④ اگست 1937ء

س 38: ستمبر 1938ء کے اواخر میں پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن نے آل انڈیا مسلم لیگ کی قرارداد لاہور سے اڑھائی سال پہلے کس کی قیادت میں پاکستان کا نصب العین بنالیا تھا؟

1. قائداعظمؒ
2. علامہ اقبالؒ
3. حمید نظامی
4. مرزا علی محمد خان

س 39: اقبالؒ کے حوالے سے پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے لئے نواب آف ممدوٹ سے پچاس روپے کس نے مانگے تھے؟

1. حمید نظامی
2. عماد الدین احمد
3. ڈاکٹر عبدالسلام خورشید
4. لیاقت علی خان

س 40: علامہ اقبالؒ نے کس اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے قیام پر مسرت کا اظہار کیا تھا؟

1. پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن
2. سندھ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن
3. بلوچستان مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن
4. سرحد مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن

س 41: علامہ اقبالؒ مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے تھے؟

1. 1919ء
2. 1923ء
3. 1927ء
4. 1930ء

س 42: دسمبر مسلم لیگ کا وہ اجلاس جس میں اقبالؒ صدر منتخب ہوئے کہاں منعقد ہوا تھا؟

1. لاہور میں
2. الٰہ آباد میں
3. سیالکوٹ میں
4. مدارس میں

س 43: علامہ اقبالؒ نے اپنے کس جلسہ کے خطبہ صدارت میں پاکستان کا نظریہ پیش کی تھا؟

1. نومبر 1923ء
2. دسمبر 1930ء
3. مارچ 1931ء
4. اگست 1933ء

س 44: اقبالؒ پنجاب صوبائی مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

1. 1929ء
2. 1932ء
3. 1935ء
4. 1936ء

س 45: قائداعظمؒ سے اقبالؒ کی سیاست کے مسائل پر خط و کتابت کب شروع ہوئی؟

1. 1929ء
2. 1931ء
3. 1933ء
4. 1935ء

اقبالؒ و قائدؒ کے خطوط میں کیا تھا؟

① جداگانہ انتخاب کا مسئلہ ② الگ وطن حاصل کرنا

③ آج کے سلگتے مسائل کا حل ④ مسلمانوں کی تعلیم و تربیت پر غور و فکر

علامہ اقبالؒ نے خطبہ صدارت اجلاس کس زبان میں پیش کیا تھا؟

① گجراتی ② انگریزی

③ اردو ④ فارسی

مسلم لیگ الٰہ آباد کے اجلاس منعقدہ 1930ء میں اقبالؒ کے ساتھ سندھ کی کون سی مشہور شخصیت پیش پیش تھی؟

① احمد الدین احمد ② حاجی سر عبداللہ ہارون

③ لُطف اللہ بدوی ④ سید عظیم مندائی

علامہ اقبالؒ کی صدارت میں 1930ء کے آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس کے مجلس استقبالیہ کے چیئرمین کون تھے؟

① سید محمد حسین ② مولانا ظفر علی خان

③ لیاقت علی خان ④ قائداعظمؒ

علامہ اقبالؒ نے آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں پاکستان کا تصور کب پیش کیا تھا؟

① 9 نومبر 1923ء ② 6 ستمبر 1925ء

③ 11 مارچ 1927ء ④ 29 دسمبر 1930ء

اقبالؒ کو گلہ بیٹھنے کی فکر کیوں تھی؟

① کھانا کھانے کی وجہ سے ② اشعار پڑھنے کی وجہ سے

③ تلاوت قرآن پاک کی وجہ سے ④ بات چیت کی وجہ سے

نئی ایجادات میں اقبالؒ کس کو غنڈہ گردی اور جرائم میں اضافے کا باعث سمجھتے تھے؟

① ٹی وی کو ② پنجابی فلموں کو

③ انٹرنیٹ کے غلط استعمال کو ④ موبائل فون کو

پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے ابتدائی اخراجات کے لئے کس بزرگ نے مالی امداد دینے کا وعدہ کیا تھا؟

① علامہ اقبالؒ ② قائداعظمؒ

③ مولانا علی خان ④ مولانا ظفر علی خان

علامہ اقبالؒ کی سب سے زبردست خواہش کیا تھی؟

① ایک دن میں اشعار کا زیادہ کہنا ② آزادی حاصل کرنا

③ عمر کا زیادہ نہ ہونا ④ مدینہ میں حضور ﷺ بارگاہ پر حاضری

دربار نبوی ﷺ میں علامہ اقبالؒ نے کب حاضری کے لئے تیاریاں شروع کیں تھیں؟

① 1925ء اور پھر 1926ء میں ② 1925ء اور پھر 1927ء میں

③ 1935ء اور پھر 1937ء میں ④ 1937ء اور پھر 1938ء میں

طلباء کے ساتھ علامہ اقبالؒ کا برتاؤ کیسا تھا؟

① گستاخانہ ② مشفقانہ

③ دوستانہ ④ اولاد کی طرح

علامہ اقبالؒ دن رات میں کتنی بار کھانا کھاتے تھے؟

① ایک بار ② دو بار

③ تین بار ④ چار بار

4
3
2
4
3
3
3
4

2
1
4
4
2
1
3
3
2
4
1

اقبالؒ کو کس چیز کا شوق تھا؟

① کرکٹ کا ② پتنگ بازی کا

③ شطرنج کا ④ کبوتر بازی کا

جاوید اقبال کو علامہؒ اکثر کیا نصیحت فرماتے تھے؟

① وقت پر گھر آنے کی ② قرآن پاک تلاوت کرنے کی

③ کشتی لڑنے کی ④ دل لگا کے پڑھنے کی

جاوید اقبال اور منیرہ کے لئے علامہؒ اپنے احباب سے کیا کہتے تھے؟

① یہ دونوں آپس میں لڑتے ہیں ② یہ دونوں نماز نہیں پڑھتے

③ یہ دونوں پڑھتے نہیں ④ یہ دونوں پیار سے رہتے ہیں

اقبالؒ اُردو کس لہجے میں بولتے تھے؟

① گجراتی لہجے میں ② فارسی لہجے میں

③ اردو ہی کے لہجے میں ④ پنجابی لہجے میں

روپے پیسے کے معاملے میں اقبالؒ کیسے تھے؟

① فضول خرچ ② بہت محتاط اور دیانتدار

③ کنجوس ④ میانہ روی

ہر مہینے کی کون سی تاریخ کے بعد علامہ اقبالؒ کوئی مقدمہ نہ لیتے تھے؟

① 3 تاریخ کے بعد ② 5 تاریخ کے بعد

③ 10 تاریخ کے بعد ④ 15 تاریخ کے بعد

اقبالؒ باقاعدگی کے ساتھ قرآن کی تلاوت کب سے فرماتے تھے؟

① بچپن سے ② جوانی سے

③ بڑھاپے سے ④ آپ قرآن نہیں پڑھتے تھے

دوران تلاوت اقبالؒ کے رونے کا عینی شاہد قرآن کہاں محفوظ ہے؟

① بادشاہی مسجد میں ② سیالکوٹ کی مسجد میں

③ جاوید اقبال کے پاس ④ اسلامیہ کالج لاہور میں

س37 علامہ اقبالؒ نے اپنے دوست راس مسعود اور اپنے بھتیجے شیخ اعجاز احمد کی لڑکیوں کا نام کیا رکھا تھا؟

(1) فاطمہ (2) عائشہ

(3) نادرہ (4) منیرہ

س38 شاعری کے علاوہ علامہ اقبالؒ اور غالبؔ میں کیا بات مشترک ہے؟

(1) کبوتر بازی کا شوق (2) آم کھانے کا شوق

(3) پلاؤ اور کباب کا شوق (4) شطرنج کا شوق

س39 کون سی دو کتابیں علامہ اقبالؒ سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے؟

(1) مثنوی مولانا روم، دیوان غالب (2) جاوید نامہ، دیوان غالبؔ

(3) روحِ اقبالؒ، مثنوی مولانا روم (4) دانائے راز، قرآن مجید

س40 عید کی نماز علامہ اقبالؒ عام طور پر کس مسجد میں پڑھا کرتے تھے؟

(1) نور مسجد (2) لال مسجد

(3) مسجد دربار داتا گنج بخشؒ (4) بادشاہی مسجد

س41 شاعرِ مشرق کو 73 روپے ماہوار تنخواہ کب ملتی تھی؟

(1) میٹرک کے بعد (2) ایف اے کے بعد

(3) بی اے کے بعد (4) ایم اے کے بعد

س42 حکیم عبدالوہاب نابینا سے اپنا علاج علامہ اقبالؒ نے کس کے مشورے سے کرایا تھا؟

(1) چوہدری محمد حسین (2) سید راس مسعود

(3) خواجہ حسن نظامی (4) قائداعظمؒ

س43 جرمن قوم کے بارے میں علامہ اقبالؒ کیا فرماتے تھے؟

(1) یہ منافق لوگ ہیں (2) یہ کھری ہڈی کے لوگ ہیں

(3) دل کے صاف لوگ ہیں (4) مطلبی لوگ ہیں

س44 ''میرے ہاں تقریباً تیرہ سال بعد علامہ اقبالؒ کی دعا سے بچہ پیدا ہوا'' علامہ اقبالؒ کے کس معتقد ڈاکٹر نے یہ کہا تھا؟

(1) ڈاکٹر عبدالمجید ملک (2) ڈاکٹر طٰہٰ حسین

(3) ڈاکٹر اکبر حیدری (4) ڈاکٹر ذاکر حسین

س45 علامہ اقبالؒ نے کس مشہور شخصیت کا اقرار نامہ قبل از نکاح خود اپنے قلم سے تحریر فرماتے ہوئے اس پر گواہ کی حیثیت سے دستخط بھی کیے تھے؟

1. ڈاکٹر عبدالمجید ملک
2. خواجہ حسن نظامی
3. چوہدری محمد حسین
4. ڈاکٹر محمد دین تاثیر

س46 شعر و سخن کی دلچسپی کے علامہ اقبالؒ کو اور کیا شوق تھا؟

1. کبوتر بازی کا
2. شطرنج کا
3. ورزش کرنے کا
4. پتنگ بازی کا

س47 اقبال کو ورثے اور ماحول سے کیا چیزیں ملی تھیں؟

1. شعروشاعری
2. تعلیم سے لگاؤ
3. کاروبار
4. دین سے لگاؤ

س48 علامہ اقبالؒ نے بالوں میں خضاب لگانا کب بند کر دیا تھا؟

1. جوانی سے
2. والدہ جاوید کے انتقال کے بعد
3. اپنی وفات سے دو دن پہلے
4. اپنی والدہ کی وفات کے بعد

س49 علامہ اقبالؒ کے کس دوست نے انہیں ان ہی کے اشعار کی بیت بازی میں ہرا دیا تھا؟

1. سر راس مسعود
2. مولوی احمد دین
3. چوہدری محمد حسین
4. خواجہ حسن نظامی

س50 آپ کے کون سے شاعر دوست آپ کو آگرہ سے آموں کا تحفہ بھجوایا کرتے تھے؟

1. چوہدری محمد حسن
2. مولانا غلام قادر گرامی
3. سر راس مسعود
4. اکبر الہ آبادی

علامہ اقبالؒ علالت و رحلت، مزار اور یادگار

س 1 علامہ اقبالؒ کی علالت کا آغاز کب ہوا تھا؟

1. 1913ء
2. 1915ء
3. 1917ء
4. 1921ء

س 2 علامہؒ کس مرض میں صاحب فراش ہوئے؟

1. دردِ گردہ
2. دردِ دل
3. کینسر
4. دردِ پھیپھڑوں

س 3 1922 میں آپؒ کس مرض میں دو ماہ تک بیمار رہے؟

1. یرقان
2. گردے
3. ڈینگی
4. تقرس

س 4 علامہ اقبال کو کب دانتوں کی تکلیف ہوئی اور دو آپریشن کرانا پڑے؟

1. اپریل 1922ء
2. جنوری 1925ء
3. اگست 1930ء
4. مارچ 1937ء

س 5 1928ء میں دردِ گردہ پھر عود کر آئی بتایئے اس تکلیف میں آپ کتنے ماہ علیل رہے؟

1. آدھا ماہ
2. ڈیڑھ ماہ
3. دو ماہ
4. تین ماہ

15. علامہ اقبالؒ جس کے نام خط میں اپنا حال لکھتے وہ جا کر حکیم نابینا کو بتاتے ان سے دوائیں حاصل کر کے بذریعہ پارسل علامہ اقبالؒ کو لاہور بھیجتے؟

(1) سید نذیر نیازی (2) خواجہ حسن نظامی

(3) چوہدری محمد حسین (4) سر راس مسعود

16. علامہ اقبالؒ کے فیملی ڈاکٹر کا نام بتایئے؟

(1) ڈاکٹر طہٰ حسین (2) ڈاکٹر سیر اکبر حیدری

(3) ڈاکٹر ذاکر حسین (4) ڈاکٹر جمعیت سنگھ

17. قائداعظمؒ کے کون سے ذاتی معالج علامہ اقبالؒ کے بھی معالج رہے ہیں؟

(1) ڈاکٹر طہٰ حسین (2) کرنل الٰہی بخش

(3) ڈاکٹر جمعیت سنگھ (4) ڈاکٹر ذاکر حسین

18. 1937ء میں جب موتیا بند کی تکلیف ہوئی تو کس ڈاکٹر سے رجوع کیا؟

(1) ڈاکٹر علی نہاد تارلان (2) ڈاکٹر علی رجائی

(3) ڈاکٹر متھر اداس موگا والے (4) ڈاکٹر نکلسن

19. علامہ اقبالؒ ضعفِ قلب کا شکار کب ہوئے؟

